# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

## حصہ سوم

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : info@qoitrat.org
Website : www.qoitrat.org

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ سوم

جوابات از:

مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ

## الحاج آقائے سید علی الحسینی السیستانی

متع اللہ المسلمین بطول بقائہ

قم المقدسہ

بحوالہ:

www.rafed.net

پیشکش:

شعبۂ مطبوعات

قرآن و عترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

کتاب : مجتہد سے پوچھے گئے سوالات ۔ حصہ سوم

جوابات از : مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ السیستانی مدظلہ

بحوالہ: www.rafed.net (عربی حوالوں کے لئے

ہماری ویب سائٹ www.qoitrat.org سے رجوع کریں)

مترجم : مولانا قمر علی لیلانی

تصحیح : حجۃ الاسلام مولانا غلام رضا روحانی

کمپوزنگ : مولانا علی اصغر سایانی

طبع : اوّل ذی القعدہ ۱۴۲۴ھ

تعداد : ۱۰۰۰

قیمت : ۳۵ روپے

پرنٹر : PRNDOTCOM PRINTERS

prndotcom@hotmail.com

2626492 ; 0300-9244802


**توجہ:**

مومنین کی جانب سے کسی بھی قسم کی تجویز، مشورے یا تصحیح کا شکریہ کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔


ملنے کا پتہ:

قرآن وعترت اکیڈمی

۱/۳۶۵ پائرا سٹریٹ، گارڈن ایسٹ

کراچی ۷۴۸۰۰۔ پاکستان

فون : 7237207 - 7226948

Email : info@qoitrat.org

مرحومین کے ایصال ثواب کی
خاطر اس کتاب کو شائع کرانا
چاہیں یا کسی اور طرح سے
اس کتاب کی اشاعت میں
حصہ لینا چاہیں تو ادارے
کے منتظمین سے رابطہ کیجئے۔

شکریہ

# فہرستِ مضامین

## حرفِ اوّل

## تقلید


| | |
|---|---|
| چند مراجعین کی تقلید کر چکا ہوں، اب کیا ذمہ داری ہے؟ | ۲۱ |
| web site پر جوابات آپ دیتے ہیں یا آیت اللہ سیستانی | ۲۱ |
| اگر توضیح میں کچھ اور ویب سائٹ پر کچھ اور ہو تو ہم کیا کریں؟ | ۲۲ |
| احتیاط واجب میں عمل کے بعد فالاعلم کی طرف رجوع کرنا | ۲۲ |
| میاں بیوی کی الگ الگ تقلید | ۲۲ |


## طہارت

### وضو


| | |
|---|---|
| اعضائے وضو پر اگر سیاہی لگی ہو | ۲۳ |
| وضو کے دوران eye lens | ۲۳ |
| باریک موزے پر مسح کرنا | ۲۳ |
| وضو کے لئے اضافی کھال کو کاٹنا | ۲۳ |
| کیا لباس بدلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ | ۲۴ |
| صحیح وضو کی جگہ کسی نے غلط وضو سکھا دیا | ۲۴ |
| شک ہوتا ہے کہ وضو صحیح ہے یا نہیں | ۲۴ |

## غسل

اگر ٹرین یا جہاز میں غسل واجب ہو جائے ۲۵

اگر زندگی بھر غلط غسل کیا ۲۵

جنابت کے باوجود صرف وضو کر کے نماز ۲۵

غسل جنابت کے دوران وضو ٹوٹ گیا ۲۶

## تیمم

اگر اعضائے تیمّم نجس ہوں ۲۶

دیوار پر موجود گرد و غبار پر تیمّم ۲۶

## کھانے پینے کے احکام

تنور اگر کافر نے بنایا ہو ۲۷

imported seafood حلال ہے یا حرام ۲۷

ایسے ہوٹل میں جانا جہاں مسلمان اور کافر دونوں آتے ہوں ۲۷

ایسی غذا کا استعمال جس میں wine ہو ۲۸

مغربی ممالک میں کیک وغیرہ کھانا ۲۸

## بیت الخلاء کے احکام

قبلہ رخ ٹوائلٹ میں تھوڑا رخ بدل کر بیٹھ جانا ۲۸

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا حکم ۲۸

## متفرقات

نجس قالین کو پاک کرنے کا طریقہ ۲۹

کُر پانی میں دھونے کے بعد کپڑے کو نچوڑنا ۲۹

غسالہ پاک ہے یا نجس ۲۹

کیا ہاتھ کی تری سرایت کرنے والی رطوبت ہے؟ ۲۹
طہارت ونجاست کے امور میں وسوسہ ۲۹
نجس وپاک میں زیادہ شک کرنے والے کی ذمہ داری ۳۰
عبدالرحیم یا عبدالرحمٰن بھی کیا خدا کا نام مانا جائے گا؟ ۳۰
نجس زمین سے اٹھنے والا گردوغبار ۳۰
مسوڑھوں سے نکلنے والا خون نگلنا ۳۰
دانت کی filling اگر نجس مواد سے کی گئی ہو تو نماز کا حکم ۳۱
میت کو قرآنی آیات اور دعائیں لکھا ہوا کفن دینا ۳۱

# نماز

## مستحب نماز

مستحب نماز میں قرائت بلند آواز سے یا آہستہ ۳۲
نماز عید کا کون سا طریقہ صحیح ہے؟ ۳۲
کیا نماز شب میں صرف مرد حضرات کے لئے دعا کرنی ہے؟ ۳۲
اگر نماز شب کی منت مان لی تو کیا صرف شفع اور وتر کافی ہیں؟ ۳۳
کیا مہینے کی پہلی تاریخ کی نماز انگریزی کیلنڈر کے مطابق پڑھی جاسکتی ہے؟ ۳۳

## سجدہ

سجدہ گاہ کتنی بڑی ہو؟ ۳۳
سجدہ گاہ کتنی ہونی چاہئے؟ ۳۳
اگر ایک رکعت کے دونوں سجدے بھول جائے ۳۴
جو مکمل سجدہ نہیں کرسکتا وہ کیا کرے؟ ۳۴
نماز کے دوران سجدہ گاہ کھو جائے ۳۴

اگر سجدے کے دوران ہی واجب سجدے والی آیت سن لے ۳۴

## قصر نماز

حدّ ترخّص کی پہچان کا طریقہ ۳۵
شہر کا اختتام کب مانا جائے گا؟ ۳۵
سفر کے دوران اجنبی پیش امام کے پیچھے نماز ۳۶

## نمازِ جمعہ

نماز جمعہ میں شرکت کا حکم ۳۶
غیبت کے دور میں نماز جمعہ کا حکم ۳۶
نماز جمعہ کے وقت کاروبار کرنے کا حکم ۳۷

## نمازِ جماعت

بعد کی صفوں والے کب تکبیر کہہ سکتے ہیں؟ ۳۷
اگر مقتدی صرف ایک نابالغ بچہ اور چند خواتین ہوں ۳۷
جماعت میں تیسری رکعت میں کیسے شامل ہوں؟ ۳۷
امام کی تیسری اور ماموم کی دوسری رکعت، اور رکوع تک نہ پہنچ سکا ۳۸
اگر امام کو رکوع میں پانے کے لئے سورہ چھوڑ دے ۳۸
اگر نماز جماعت کو بچانے کے لئے تین رکوع ہو جائیں ۳۸
نماز جماعت کے بعد نافلہ پڑھیں یا تعقیبات ۳۹
کیا مسافر نمازِ جمعہ کے لئے پیش امام بن سکتا ہے؟ ۳۹
اگر پیش امام کی اپنی اولاد نیک نہ ہو ۳۹
جماعت کے دوران سمجھدار بچے کی اذان ۳۹

## متفرقات


آہستہ پڑھی جانے والی نمازیں کتنی آہستہ پڑھیں؟ ۳۹
غلطی سے حالت جنابت میں نماز پڑھ لی ۳۹
پچاس سال تک نماز میں غلط الحمد پڑھی ۴۰
نماز میں قبلے سے کتنا منہ موڑا جاسکتا ہے؟ ۴۰
نماز کے دوران غلطی سے الحمد للہ کہہ دیا ۴۰
غلطی سے مستحب سلام پر نماز ختم کر دیا کرتا تھا ۴۰
شک ہو کہ تشہد پڑھا ہے یا نہیں ۴۱
اگر آنکھ ہی دوپہر کے وقت کھلی ہو تو فجر کی نماز کا کیا کروں؟ ۴۱
سورج ڈوب جانے کے بعد نماز ظہرین ۴۱
نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا ۴۱
دوران نماز مرد و عورت کے درمیان فاصلہ ۴۲
دوران حج عورت کے نزدیک کھڑے ہو کر نماز پڑھ لی ۴۲
نماز میں بڑی غلطیاں ہوتی ہیں، نصیحت فرمائیں ۴۲
public places پر نماز کا حکم ۴۳


## روزہ


رجب کا روزہ رکھوں یا صبح کی نیاز کھاؤں ۴۴
سحری کے وقت آنکھ نہ کھلے تو روزے کا کیا ہوگا؟ ۴۴
اس خیال سے کہ سحری کا وقت باقی ہے پانی پی لیا ۴۵
روزہ توڑنے والی چیز کا ایک بار سے زیادہ استعمال ۴۵
قضا روزوں کی نیت ۴۵

حاملہ عورت نے بیماری کے خوف سے روزہ نہیں رکھا ۴۵
فدیہ سے کیا مراد ہے؟ ۴۶

## فطرہ

بلاوجہ دیر سے فطرہ دینا ۴۶
غیر شیعہ کو فطرہ دینا ۴۶
فطرے سے مسجد بنانا ۴۶

## خمس

باپ بچوں کے لئے مال جمع کر رہا ہے، کیا خمس ہوگا؟ ۴۷
دئے گئے مہر اور تحفے پر خمس ۴۷
ملے ہوئے تحفے پر خمس ۴۷
تحفے، جہیز اور سامان پر خمس ۴۸
خمس سے بچنے کے لئے مال، اپنی اولاد کو بخش دینا ۴۸
کیا ایک مہینے پہلے خریدی جانے والی چیز پر خمس ہوگا؟ ۴۸
ایک چیز استعمال کے بعد اب کام کی نہ رہی، خمس کا کیا ہوگا؟ ۴۸
خمس نکالی ہوئی رقم استعمال ہوگئی، کیا دوبارہ خمس واجب ہوگا؟ ۴۹
بتدریج خریدے ہوئے مکان کا خمس ۴۹
اگر قرضہ لیا ہوا ہو تو کیا خمس دینا واجب ہوگا؟ ۴۹
قرضے پر لئے گئے تجارتی سرمائے پر خمس ۵۰
ہر مہینے کی تنخواہ پر خمس کے لئے الگ سال مقرر کرنا ۵۰

## خمس کا استعمال

خمس واجب ہے لیکن فی الحال محتاج ہوں ۵۰

اپنی مرضی سے خمس خرچ کرنا ۵۱
ایسے سید کو خمس دینا جو کسی اور کی تقلید کرتا ہے ۵۱

## زکاۃ

واجب صدقہ کیا ہوتا ہے ۵۲
سید کو زکات، فطرہ اور صدقہ دینا ۵۲

## نکاح

کیا ایک سے زیادہ شادی کرنا مستحب ہے ۵۳
بے حجاب لڑکی سے شادی ۵۳
مسلمان کی غیر مسلم سے شادی ۵۳
ٹیلیفون یا انٹرنیٹ پر نکاح ۵۳
نکاح کے لئے مکروہ اور مستحب ایام ۵۴
شادی میں ڈف بجانا ۵۴
ایسی شادی میں شرکت جہاں ڈھول بجایا جا رہا ہو ۵۴

## استخارہ

استخارہ کب کیا جائے؟ ۵۵
شادی کا استخارہ دونوں بار برا آیا ۵۵
شادی کے لئے استخارہ کرنے کا حکم ۵۶

## منگنی

منگیتر سے فون پر بات چیت کا حکم ۵۷

منگیتر کو مہر دے دیا ہے، کیا اس کی تصویر دیکھی جا سکتی ہے؟ ۵۷

## میاں بیوی کے حقوق

کیا بیٹی کو جہیز دینا واجب ہے؟ ۵۸
شوہر اپنی بیوی پر کتنی ولایت رکھتا ہے؟ ۵۸
جب شوہر کے سامنے جھوٹ بولنا جائز ہے ۵۸

## دیت کے احکام

تہذیب سکھانے کے لئے شاگرد کو مارنا ۶۰
پرائمری کلاس کے سٹوڈنٹ کی پٹائی کا حکم ۶۰
طالب علم کو مارنے پر دیت کی مقدار ۶۱
شاگردوں کو مارا تھا لیکن اب پتہ نہیں وہ کہاں ہیں ۶۱
مذاق میں چوٹ لگ گئی۔ دیت کا کیا ہوگا؟ ۶۱
خوبصورتی متاثر کرنے کی دیت ۶۱
نفسیات کا ڈاکٹر کیا پاگل مریض کو مار سکتا ہے؟ ۶۲

## خواتین کے احکام

### محرم/ نا محرم

co-education کے بارے میں اسلام کا حکم ۶۳
کیا مرد و عورت مل کر نظم پڑھ سکتے ہیں؟ ۶۳
کیا سوتیلی ماں محرم ہے؟ ۶۳
ممانی اور چچی سے اگر بیٹا سمجھ کر حجاب نہ کریں ۶۳
عورتوں سے ہاتھ ملانے کا حکم ۶۴

## زینت/ حدودِ پردہ


عورت گھر سے باہر کتنی زینت کرسکتی ہے؟ ۶۴

نامحرم کے سامنے ہاتھ چھپانا ۶۴

عورت کے لئے گھر سے باہر سرمہ لگانا ۶۴

عورت کے لئے گھر سے باہر خوشبو کا استعمال ۶۵

عورتوں کے لئے زیورات پہننے کا حکم ۶۵


## متفرقات


لڑکے اور لڑکی کی آپس میں محبت ۶۵

سچی محبت اور جھوٹی محبت ۶۵

کیا لڑکیاں انٹرنیٹ پر chatting کرسکتی ہیں؟ ۶۶

خواتین کو حجاب کرنے کے لئے کیسے راضی کیا جائے؟ ۶۶

لڑکی کے بالغ اور رشید ہونے کے احکام میں فرق ۶۶

بیوٹی پارلر کھولنے کا حکم ۶۷

ابنارمل بچے کا ابارشن کروانا ۶۷

تین ہفتے کے بچے کا ابارشن کروانا ۶۷


# متفرق فقہی مسائل

## غیر مرئی علوم، جادو ٹونہ......


غیر مرئی علوم کے بارے میں آپ کی رائے ۶۹

روحوں کو حاضر کرنے کی حقیقت ۷۰

تعویذ دینے کا کام ۷۰

کیا ہاتھ دیکھنے کا علم سیکھنا وغیرہ جائز ہے؟ ۷۰

مومن پر جادوٹونہ کروانے کا الزام لگانا ۷۰
روحانی علاج کرنے والا اگر احکام شریعت کا پابند نہ ہو ۷۱
عامل سے علاج کروانا ۷۱
اگر عامل کے پاس جانے کی مجبوری ہو ۷۱

## داڑھی

داڑھی مونڈنا اور فرنچ کٹ داڑھی رکھنا ۷۱
فرنچ کٹ داڑھی کا حکم ۷۲

## عیدِ نوروز

عیدنوروز کی شرعی حیثیت ۷۲
کیا عیدنوروز بدعت ہے؟ ۷۲

## متفرقات

اخبارات وغیرہ میں مقدس عبارات کا استعمال ۷۲
مقدس اوراق کو پھاڑنا ۷۲
گردے کا donation ۷۳
مسلمان میت کے بدن سے اعضاء کو نکالنا ۷۳
قرضہ لے کر حج کرنا ۷۳
گونگا شخص جانور کو کس طرح ذبح کرے؟ ۷۴
کیا اپنی جنس تبدیل کروانا جائز ہے؟ ۷۴
اسلامی ممالک میں عمومی قوانین کی مخالفت ۷۴
ٹیلیفون پر تنگ کرنے والے کو برا بھلا کہنا ۷۵
مرد کے لئے بغیر زینت کے سونا پہننا ۷۵
کن لوگوں سے دوستی جائز نہیں؟ ۷۵

پرندے پالنے کا حکم ۷۵
کن پرندوں کو پکڑنا جائز ہے؟ ۷۶
کتے بلی جیسے جانوروں کو بلاوجہ اذیت دینا ۷۶
جانور کے نومولود بچے کو ذبح کرنا ۷۶
computer virus بنانے کا حکم ۷۶
جناب زینبؑ کے روضے کی سجدہ گاہ غلطی سے میرے پاس رہ گئی ۷۷
کیا میت کے امور کو کم خرچ بنانا واجب ہے؟ ۷۷
انسان یا جانور کے ٹکڑوں والے کھلونوں کا حکم ۷۷
اگر کوئی مسئلہ پوچھے یا غلطی کرے تو کیا بتانا واجب ہے؟ ۷۸
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا صحیح طریقہ ۷۸
کیا نابالغ بچے کو سلام کا جواب دینا واجب ہے؟ ۷۸
کہا جاتا ہے کہ متعہ کا حکم practical نہیں ہے ۷۸
باغ سے کچھ پھل توڑنا ۷۹
رشتہ دار کو صدقہ دینا ۷۹
چور کے گھر کھانا کھانے کا حکم ۷۹
ذی القعدہ میں عمرۂ مفردہ اور حج کے لئے بال بڑھانا ۷۹
کیا ڈاکٹر پر واجب ہے کہ وہ مریض کو اصل صورت حال بتائے؟ ۸۰
بجلی کا غیر قانونی استعمال ۸۰
درہم کی مقدار کیا ہے؟ ۸۰
جمعے کے دن کی خاص زیارت کون سی ہے؟ ۸۰
کون سی مٹی خاک شفا ہے؟ ۸۱
عاشورہ کو نیاز کریں یا امام حسینؑ کا صدقہ نکالیں؟ ۸۱
امام حسین علیہ السلام کی عزاداری میں سیاہ لباس پہننا ۸۱

| | |
|---|---|
| کیا امام زین العابدینؑ اور جناب سیدہؑ کا گریہ فرمانا ثابت ہے؟ | ۸۱ |
| مجالس میں ائمہؑ کی شرکت کا کیا مطلب ہے؟ | ۸۱ |
| ''جو دیدار کا دعوا کرے اسے جھٹلاؤ'' کی وضاحت | ۸۲ |
| سگریٹ نوشی شروع کرنے کا حکم | ۸۲ |
| اگر سگریٹ نوشی سے نقصان کا اندیشہ ہو | ۸۳ |
| اگر قرآن کی یاد کی ہوئی آیت بھول جائے | ۸۳ |
| غلط استعمال کے لئے ٹیلی ویژن خریدنا | ۸۳ |
| نماز زیارت کے بغیر زیارت پڑھنا | ۸۳ |
| بچوں کے ملے ہوئے تحفوں پر والدین کا حق | ۸۴ |
| گھر میں حضرت عباس علیہ السلام کے روضے کی شبیہ بنانا اور زیارت کرنا | ۸۴ |
| قبرستان جانے کے لئے فضیلت کا وقت | ۸۵ |
| cheque کو کم قیمت پر بیچنا | ۸۵ |
| ٹیپ ریکارڈر ایسے شخص کو بیچنا جو اسے گانے میں استعمال کرے گا | ۸۵ |
| گری پڑی رقم ملے تو کیا کریں | ۸۶ |
| قرضہ معاف کرنے کے بعد کیا دوبارہ مانگا جا سکتا ہے؟ | ۸۶ |
| امتحان میں نقل کرنا | ۸۶ |
| اگر استاد اپنے شاگرد کی کاپی پھاڑ دے | ۸۶ |
| اسکول میں بچے بال پین وغیرہ چھوڑ جاتے ہیں | ۸۶ |
| مقبوضہ علاقوں میں suicide bombing کے بارے میں آپ کی رائے | ۸۷ |
| ایک گروہ کی جان بچانے کے لئے خود کو ہلاکت میں ڈال دینا | ۸۷ |
| کسی کافر کو متبرک چیز تحفے میں دینا | ۸۷ |
| کافر کو وعظ سنانے کے لئے مسجد میں لے جانا | ۸۸ |
| عیسائی کی شادی میں شرکت کے لئے چرچ میں جانا | ۸۸ |

# اخلاقی مسائل

## حقوقِ مومن


نیک نیتی کے ساتھ کثرت سے مذاق کرنا ۸۹
مومن کو کس حد تک ذلیل کیا جا سکتا ہے؟ ۸۹
مرحوم مومن کی غیبت کرنا ۸۹
ایک شخص جائے نماز اور سجدہ گاہ مسجد سے ہٹاتا ہی نہیں ۹۰
مسلمان بھائیوں سے کس طرح کا رویہ اختیار کیا جائے؟ ۹۰


## متفرقات


علم حاصل کرنے کا شوق کیسے پیدا ہو؟ ۹۰
انسان بلند مقامات تک کیسے پہنچے؟ ۹۱
جوانی میں عبادت اور کھیل کود میں توازن کہاں سے آئے؟ ۹۱
بے نمازی کے ساتھ معاشرت ۹۱
فاسق پر لعنت بھیجنے کا حکم ۹۲
بدعت کرنے والے پر لعنت بھیجنے کا حکم ۹۲
لوگ التماسِ دعا کہتے ہیں، ہم کیا کریں؟ ۹۲
مخالفین شریعت کے ساتھ کیا کیا جائے ۹۲
کیا جھگڑے کی صورت میں قطع رحم کیا جا سکتا ہے؟ ۹۳
کسی کے سامنے اپنے گناہوں کا تذکرہ کرنا ۹۳
بار بار توبہ کے بعد بھی گنہگار ہوں ۹۳

# عقائد

رجعت کسے کہتے ہیں؟ ۹۵

## تحریفِ قرآن

تحریف قرآن کے بارے میں شیعہ عقیدہ ۹۵
کیا موجودہ قرآن وہی ہے جو نبی اکرمؐ پر نازل ہوا تھا؟ ۹۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حرفِ اوّل

موجودہ حالات میں جہاں بالعموم تمام ادیان سے اور بالخصوص اسلام سے بیزاری کا پرچار ہو رہا ہے اور نشر و اشاعت کے اکثر ادارے انتہائی جارحانہ انداز میں روحانیت کو کچلنے کے درپے ہیں ایسے میں امت مسلمہ کے صالح افراد کی ذمہ داریوں میں دو چند اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور لقاء اللہ کی معرفت رکھنے والوں کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کو روحانی سرچشموں کی لذت اور مٹھاس سے آشنا کریں۔

تقریباً ۱۲ سال سے **تبلیغ و ترویجِ دین میں مصروفِ عمل** یہ ادارہ آنے والے دور کے لئے **scholars علماء، مبلغین** اور ذاکرہ کی تعلیم و تربیت کا

فریضہ انجام دے رہا ہے اور ساتھ ہی ساتھ کمپیوٹر ویب سائٹ اور کتابوں کی اشاعت کے ذریعہ لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کوشاں ہے۔

سوال و جواب کا یہ چوتھا کتابچہ اس بات کا غماز ہے کہ لوگوں میں دین فہمی کا شوق موجود ہے۔ اگر ان کی ضرورتوں کو پیشِ نظر رکھ کر کام کیا جائے تو دین فہمی کے اس جذبہ کو مزید بڑھایا جا سکتا ہے۔

پروردگار اس شوق و جذبہ کو مزید بڑھائے اور تمام خیرخواہانِ دینِ اہلبیتؑ کی مدد فرمائے۔

علی رضا مہدوی

قرآن وعترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

۱۵ ذی القعدہ ۱۴۲۴ھ

# تقلید

سوال ۱: میں آیت اللہ خوئیؒ کی حیات میں ان کی تقلید کرتا تھا ان کی وفات کے بعد میں نے سید گلپائگانیؒ قدس سرہ کی تقلید کی جبکہ میں آیت اللہ خوئیؒ کے مسائل پر عمل کر رہا تھا اور اب ان کے بعد آپ کی تقلید کی ہے اور آیت اللہ خوئیؒ کے مسائل پر باقی ہوں اور اب میں نہیں جانتا کہ کون اعلم ہے اس صورتحال میں:

۱۔ کیا جائز ہے کہ آقائے خوئیؒ کی تقلید پر باقی رہوں؟

۲۔ کیا جائز ہے کہ میں آپ کی تقلید کی طرف عدول کر جاؤں؟

جواب: اگر آپ کے لئے اہل خبرہ کی طرف رجوع کرنے کے باوجود ثابت نہ ہو سکے کہ آقائے سیستانی مدظلہ، آیت اللہ خوئیؒ کے مقابلے میں اعلم ہیں تو آپ پر واجب ہے کہ آیت اللہ خوئیؒ کی تقلید پر باقی رہیں اور اگر آقائے سیستانی کا اعلم ہونا ثابت ہو جائے تو مکمل طور پر انہیں پر آ جانا واجب ہوگا۔

سوال ۲: برائے مہربانی اتنا بتا دیجئے کہ جو سوالات ہم آپ کی سائٹ پر بھیجتے ہیں ان کے جوابات آیت اللہ العظمیٰ آقائے سیستانی خود دیتے ہیں یا ان کے مقرر کردہ نمائندے؟

جواب: آن کی جانب سے مقرر کردہ کمیٹی کے افراد ان سوالات کے جوابات دیتے ہیں

اور جن سوالات کے جوابات رسالہ عملیہ میں یا پہلے سے اس کمیٹی کے پاس موجود نہیں ہوتے ان میں وہ خود آقائے سیستانی مدظلہ سے اس مسئلے کا حل معلوم کرتے ہیں۔

سوال۳: مجھے آیت اللہ سیستانی کے ان فتاویٰ میں جو ان کی توضیح المسائل میں درج ہیں یا جو ان کے منتخب مسائل کی کتاب میں ہے یا وہ جو قابلِ اعتماد طلبہ خود آقائے محترم سے بلا واسطہ پوچھ کر نقل کرتے ہیں اور اس ویب سائٹ پر پیش کیئے گئے جوابات کے درمیان کافی فرق نظر آتا ہے۔ برائے مہربانی اس کی وضاحت فرمادیں؟

جواب: جو چیز یہاں اس ویب سائٹ پر ہم ذکر کرتے ہیں وہ ان تمام رسائل پر مقدم ہے۔

سوال۴: اگر میں نے احتیاطِ واجب کے خلاف عمل کرلیا ہو تو کیا بریٔ الذّمہ ہونے کے لئے جائز ہوگا کہ میں عمل کے بعد کسی دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کرلوں جو اس احتیاط کو ضروری نہیں سمجھتا؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۵: اگر میاں بیوی میں تقلید کے اعتبار سے اختلاف ہوجائے تو کیا کیا جائے؟

جواب: دونوں میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ اپنے مجتہد کے فتاوی کے مطابق عمل کرے۔

# طہارت

## وضو

سوال۶: ہاتھ پر سیاہی (Ink) لگی ہونے کی صورت میں وضو کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ پانی کے کھال تک پہنچنے میں رکاوٹ نہ ہوتو وضو صحیح ہے۔

سوال۷: وضو کے وقت Eye Lens کے استعمال کا کیا حکم ہے؟ کیا وضو صحیح کرنے کے لئے انہیں نکالنا ضروری ہوگا؟

جواب: جی نہیں، اس اعتبار سے کہ وضو میں آنکھ کے اندرونی حصوں کو دھونا ضروری نہیں۔

سوال۸: کیا انتہائی باریک موزے پر مسح کرنا جائز ہے جب کہ میں ایک بار اس کا تجربہ کر چکا ہوں اور میں نے دیکھا کہ مسح کا پانی میرے قدموں پر موجود تھا؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں۔

سوال۹: ناخنوں کی جانب سے جلد کا کچھ حصہ باہر کی طرف نکل آیا ہے۔ تو کیا وضو کے

لئے اس حصے کو کاٹنا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے۔

سوال۱۰: کیا لباس کو تبدیل کرنے کی غرض سے مثلاً شرمگاہ کو چھونا یا شرمگاہ کو کھولنا وضو کو باطل کر دیتا ہے؟

جواب: جی نہیں، وضو کو باطل نہیں کرتا۔

سوال۱۱: میں شرعی احکامات فرض ہو جانے کی عمر تک پہنچنے کے باوجود وضو کے بعض مسائل سے ناواقف تھا۔ لہٰذا میں نے ایک برادرِ مومن سے وضو کا صحیح طریقہ سیکھنے کے لئے رجوع کیا تو اس نے مجھے اس طرح سکھایا کہ پہلے سیدھے ہاتھ کو تین دفعہ دھوؤ اور پھر الٹے ہاتھ کو اتنی ہی مرتبہ۔ اب آج تک میں اسی طرح کرتا آیا ہوں تو اس صورت میں میرے وضو اور نماز کے بارے میں جنہیں میں اسی طرح کے وضو کے ساتھ ادا کر چکا ہوں، کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر اس صورت میں صرف تین بار پانی ڈالا گیا ہے تب تو وضو صحیح مانا جائے گا لیکن اگر اس طرح انجام دیا ہے کہ ہاتھ کو ایک دفعہ مکمل دھویا اور پھر دوسری دفعہ دھویا، اس طرح کہ دوسری دفعہ دھونے کا قصد کیا اور پھر تیسری دفعہ ایسا کیا تو یہ وضو صحیح نہیں ہوگا اس لئے کہ اس طرح سے مسح باطل ہو جاتا ہے۔

سوال۱۲: اگر کسی شخص کو اپنے وضو کے صحیح ہونے کے بارے میں شک ہو تو اس کی کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر اسے یہ شک وضو مکمل ہونے کے بعد یا وضو کے دوران اس عمل کے بارے میں ہو جسے وہ انجام دے چکا ہے تو اس کی جانب توجہ نہ کرے لیکن اگر وضو کے

افعال میں سے کسی کے بارے میں اس وقت شک کرے جب اس عمل سے فارغ نہ ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اسے اور اس کے بعد والے فعل کو ترتیب، موالات اور وضو کی دیگر شرائط کا خیال رکھتے ہوئے انجام دے۔

# غسل

سوال ۱۳: اگر کسی شخص کو ٹرین یا ہوائی جہاز میں احتلام ہو جائے اور اس کے لئے نماز کے لئے غسل کرنا اور لباس کو پاک کرنا ممکن نہ ہو تو وہ کیا کرے؟

جواب: مذکورہ صورت حال میں اس کی ذمہ داری ہے کہ تیمّم کرے اور اگر اس کے پاس پاک لباس نہیں ہے اور اسی لباس کو پہننے پر مجبور ہے تو نجس لباس کے ساتھ ہی نماز پڑھ لے۔

سوال ۱۴: اگر انسان کو معلوم ہو جائے کہ اس کے پچھلے تمام غسل باطل ہیں اور اس پر تمام نمازوں کی قضا واجب ہے۔ تو کیا اس پر تمام غسلوں کی قضا بھی واجب ہوگی۔ وہ ان غسلوں کی نیت کیسے کرے گا جب کہ اس پر کئی طرح کے غسل واجب ہیں؟

جواب: اس کے لئے (سب کی نیت سے) ایک ہی غسل کر لینا کافی ہے۔

سوال ۱۵: ایک شخص اپنی بلوغت کی ابتداء سے نماز پڑھتا تھا جب کہ حالتِ جنابت میں ہوتا تھا اور اسے غسل کا حکم نہیں معلوم تھا لہٰذا صرف وضو کرتا تھا۔ اب اس کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہوگا اور کیا ایسے شخص کو جاہلِ قاصر سمجھیں گے یا جاہلِ مقصّر؟

جواب: چاہے یہ شخص قاصر ہو یا مقصّر اس پر اپنی ساری نمازوں کی قضا لازم ہوگی۔ ہاں، جو نمازیں اس نے غسل کے بعد پڑھی ہیں چاہے غسل جنابت کو انجام نہ دیا ہو جیسے مثلاً کبھی جمعہ کا غسل کیا ہو تو پھر اس کے بعد کی نمازیں صحیح ہوں گی۔

سوال ۱۶: غسل جنابت کے دوران میری ریح خارج ہوگئی۔ میں نے غسل مکمل کیا اور دوبارہ غسل کیا۔ اتفاقاً دوسرے غسل کے دوران بھی ریح خارج ہوگئی۔ اس سلسلے میں میری کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: دوبارہ غسل کرنا ضروری تھا ہی نہیں۔ ہاں، نماز کے لئے احتیاط واجب کی بناء پر ضروری ہے کہ وضو کر لیا جائے۔

## تیمم

سوال ۱۷: جس شخص کی ذمہ داری تیمّم ہو اگر اس کی ہتھیلی یا پیشانی نجس ہوں تو وہ کس طرح تیمّم کرے؟

جواب: اعضائے تیمّم کے خشک ہونے کی صورت میں تیمّم صحیح ہے۔

سوال ۱۸: کیا دیوار پر موجود غبار پر تیمّم کرنا جائز ہے؟ اور کیا تیمّم کرتے وقت قبلہ رخ ہونا واجب ہے؟

جواب: اگر دیوار پر باریک مٹی موجود ہو اور لوگوں کے نزدیک اسے مٹی کی تہہ کہہ سکتے ہوں تو کافی ہے اور تیمّم کرتے وقت قبلہ رخ ہونا ضروری نہیں۔

# کھانے پینے کے احکام

سوال ۱۹: مٹی کا تنور اگر کافر نے بنایا ہو تو کیا اسے استعمال کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر اس کے بنانے سے تنور کا نجس ہونا ثابت ہو جائے جیسے اگر وہ کافر اس تنور کو اپنے ہاتھوں سے بنائے اور وہ اہل کتاب بھی نہ ہو تو پھر ایسے تنور کو پاک کئے بغیر روٹی کے لیے استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۰: چھلکے والی وہ مچھلی جو کتابی یا غیر کتابی غیر مسلم ممالک سے Import ہوتی ہے اور یہ مچھلیاں کبھی تازہ ہوتی ہیں اور کبھی freezed، ایسی مچھلیوں کے کھانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اس کے علاوہ غیر مسلم کتابی یا غیر کتابی ممالک سے ایسی چھلکے والی مچھلیاں ڈبوں میں پیک ہو کر بھی آتی ہیں۔ اسے کھانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر یہ معلوم ہو کہ ان مچھلیوں کو اس طرح سے شکار کیا گیا ہے کہ یا تو انہیں پانی سے زندہ نکالا گیا ہے یا جال میں مرگئی ہیں تو پھر اسے کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۲۱: وہ ہوٹل جس میں مسلمان اور کفار دونوں آتے ہوں اور اس میں عموماً طہارت اور نجاست کے بارے میں کوئی دھیان نہ رکھا جاتا ہو تو کیا اس میں جانا اور وہاں جو کھانا اور چائے پیش کی جاتی ہو اسے استعمال کرنا جائز ہے؟

جواب: ہاں! بذات خود یہ کام جائز ہے اور وہاں موجود حلال کھانا، کھانا اور پینا بھی جائز ہے جب تک ان کی نجاست کے بارے میں یقین نہ ہو جائے۔

سوال۲۲: جن غذاؤں میں Wine استعمال کی جاتی ہے، ان کے استعمال کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور کیا اس سے کوئی فرق پڑتا ہے کہ اس طرح کی بعض غذائیں ٹھنڈی ہی کھائی جاتی ہیں جب کہ بعض غذائیں اس وقت تک استعمال کے قابل نہیں بنتیں جب تک کہ Wine ابل نہ جائے۔

جواب: حرام ہے۔

سوال۲۳: کیا مغربی ممالک کے بازاروں میں ملنے والے کیک اور غذاؤں کو کھانا جائز ہے جب کہ ہمیں نہیں معلوم کہ اس میں استعمال ہونے والا تیل حیوان کے اجزاء سے بنا ہے یا صنعتی ہے؟

جواب: جب تک کہ اس کے نجس یا حرام ہونے کا یقین یا اطمینان نہ ہو جائے، اس کا استعمال جائز ہے۔

# بیت الخلاء کے احکام

سوال۲۴: اگر میں ایسا ٹوائلٹ استعمال کروں جس کا رخ قبلے کی جانب ہو اور اس دوران قبلے سے تھوڑا بہت ہٹ جاؤں تو کیا کافی ہوگا؟

جواب: جی ہاں، کافی ہوگا۔

سوال۲۵: کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: فقہاء نے اس کو مکروہ شمار کیا ہے۔

# متفرقات

سوال۲۶: منی یا پیشاب سے نجس ہو جانے والے قالین یا فرش کو کس طرح پاک کیا جائے گا؟

جواب: ایسے فرش کو چاہے ''کُر'' پانی سے پاک کیا جائے یا ''قلیل'' پانی سے ایک دفعہ دھونا کافی ہے لیکن قلیل پانی سے دھونے کی صورت میں اس کا غسالہ احتیاط واجب کی بنا پر نجس ہوگا۔

سوال۲۷: اگر نجس کپڑے کو عینِ نجاست برطرف کرنے کے بعد کُر پانی میں ڈال دیا جائے تو کیا اسے نچوڑنا اور اس سے غسالہ جدا کرنا ضروری ہے؟

جواب: ضروری نہیں، لیکن اگر کپڑا پیشاب سے نجس ہوا تھا تو اسے دو مرتبہ دھونا ضروری ہے۔

سوال۲۸: کسی نجس شدہ چیز کو پاک کرتے وقت جو پانی اس سے نکلے، کیا وہ پاک ہے یا نجس؟

جواب: اگر وہ چیز قلیل پانی سے پاک کی گئی ہے تو پانی احتیاطِ واجب کی بنا پر نجس ہے۔

سوال۲۹: کیا ہاتھ کی تری، سرایت کرنے والی رطوبت سمجھی جائے گی؟

جواب: سرایت کرنے والی رطوبت اسی رطوبت کو کہا جا سکتا ہے جس میں رطوبت ایک چیز سے دوسری چیز تک منتقل ہو جائے۔

سوال۳۰: طہارت و نجاست میں وسوسے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر یہ وسوسہ واجب کو ترک کرنے کا باعث بنے مثلاً نماز وقت میں نہ پڑھ پائے، یا فعل حرام مثلاً اسراف کا باعث بنے، تو پھر اس وسوسے کی طرف توجہ دینا جائز نہیں۔

سوال ۳۱: کیا نجاست وطہارت کے معاملے میں بہت زیادہ شک کرنے والے اور ایک عام مومن کی شرعی ذمہ داری میں کوئی فرق ہے؟

جواب: زیادہ شک کرنے والے اور عام انسان کی شرعی ذمہ داری میں کوئی فرق نہیں ہے۔ دونوں کی ذمہ داری ایک ہی ہے۔ ہاں، زیادہ شک کرنے والے کو چاہیے کہ وہ عام لوگوں کے طریقۂ کار کے مطابق ہی چیزوں کو پاک کرے اور اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ اسے نجاست ختم ہونے کا یقین بھی ہو جائے۔

سوال ۳۲: بعض افراد اپنا نام مثلاً ''عبدالرحیم'' یا ''عبدالرحمٰن'' وغیرہ رکھتے ہیں۔ کیا ان ناموں کو بھی خدا کا نام مانا جائے گا، یعنی کیا ان ناموں کو بھی بغیر طہارت کے مس کرنا حرام ہوگا؟

جواب: جی ہاں، اس میں سے ا...... کے نام کو مس کرنا احتیاطِ واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے۔ البتہ لفظ ''عبد'' کو مس کیا جاسکتا ہے۔

سوال ۳۳: نجس زمین سے اٹھنے والے گرد و غبار کی طہارت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جب تک اس کی نجاست کے بارے میں یقین نہ ہو پاک ہے۔

سوال ۳۴: کیا داڑھوں کے درمیان سے نکلنے والے خون کو نگلنا جائز ہے؟

جواب: دانتوں سے نکلنے والا خون اگر اتنا کم ہو کہ تھوک میں مل کر ختم ہو جائے تو اسے نگلنا جائز ہے۔

سوال ۳۵: دانت کی filling کے لئے استعمال ہونے والا مواد اگر نجس ہو تو کیا اس سے نماز پر کوئی فرق پڑتا ہے؟

جواب: اس کے ظاہری حصے کو پاک کیا جا سکتا ہے اور اس سے نماز پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال ۳۶: کیا میت کو ایسے کپڑے سے کفن دینا جائز ہے جس پر قرآنی آیات، دعائیں اور مقدس ناموں کو تحریر کیا گیا ہو جب کہ ہمیں معلوم ہے کہ میت کو دفن کرنے کے بعد وہ کفن جلد ہی میت کے پھٹنے سے آلودہ ہو جائے گا؟

جواب: ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

# نماز

## مستحب نماز

سوال ۳۷: کیا مستحب نمازیں انجام دیتے وقت قرأت کو آہستہ آواز میں پڑھنا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں بلکہ ایسا کرنا جائز ہے۔

سوال ۳۸: فتاویٰ کی کتابوں میں نمازِ عید کا طریقہ اس طرح تحریر کیا گیا ہے: تکبیرۃ الاحرام کے بعد پہلی رکعت میں ۵ تکبیریں اور دوسری رکعت میں ۴ تکبیریں اور ہر تکبیر کے بعد قنوت بھی پڑھنا ہے۔ جب کہ آپ کی توضیح المسائل میں کوئی اور طریقہ تحریر ہے۔ تو کیا آپ کے مقلد کے لئے مذکورہ بالا طریقے سے نماز پڑھنا یا پڑھانا جائز ہے؟

جواب: اس طریقے والی نماز عید بھی صحیح ہے۔

سوال ۳۹: کیا نماز شب میں چالیس مومنین کے لئے دعا مانگنے کا مطلب ہے صرف مرد حضرات کے لئے دعا مانگنا؟

جواب: جی نہیں یہ صرف مَردوں کے لئے نہیں ہے۔

سوال۴۰: ایک شخص نے منت مانی کہ وہ نمازِ شب پڑھے گا اور اگر نہ پڑھ سکا تو دن میں اس کی قضا کرے گا۔ کیا ایسے شخص کے لئے نمازِ شب کے طور پر صرف شفع اور وتر کی نمازیں پڑھ لینا کافی ہے۔ اور کیا نماز میں سوروں کو چھوڑ کر صرف الحمد سے کام چلایا جاسکتا ہے؟

جواب: مذکورہ صورتحال میں صرف شفع و وتر کو پڑھ لینا جائز نہیں ہوگا۔ البتہ صرف الحمد سے کام چلایا جاسکتا ہے۔

سوال۴۱: مستحب نمازوں میں سے ایک وہ نماز ہے جو ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو پڑھی جاتی ہے۔ کیا یہ نماز انگریزی کلینڈر کے مطابق مثلاً جنوری اور فروری وغیرہ کی پہلی تاریخ کو پڑھی جاسکتی ہے جب کہ ان مہینوں اور اسلامی مہینوں میں دنوں کی مقدار اور شروع ہونے کے دن کے اعتبار سے اختلاف ہے؟

جواب: اس نماز کا مورد اسلامی مہینے کی پہلی تاریخ ہے۔

# سجدہ

سوال۴۲: ہمارے پاس تربتِ سیدالشہداء کی بہت چھوٹی سجدہ گاہیں پڑی ہیں۔ کیا اس پر سجدہ کرنا جائز ہے یا اس کے لئے کوئی معین مقدار ہے کہ اسی پر سجدہ کرنا صحیح ہے؟

جواب: انگلی کے پور کے برابر کی مقدار، سجدے کے لئے کافی ہے۔

سوال۴۳: خاکِ شفا (سجدہ گاہ) پر سجدہ کرنے کے لئے کتنی مقدار کا ہونا واجب ہے؟

جواب: اتنی مقدار مثلاً ایک انگلی کے پور کے برابر، جس پر سجدہ کرنے کو، سجدہ کرنا کہا

جا سکے۔

سوال۴۴: اگر تیسری رکعت کی رکوع میں پہنچنے کے بعد یاد آئے کہ دوسری رکعت کا ایک بھی سجدہ نہیں کیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس کی نماز باطل ہے اور ضروری ہے کہ نئے سرے سے نماز ادا کرے۔

سوال۴۵: اگر کوئی شخص مکمل سجدہ کرنے سے عاجز ہو اور وہ ایک ایسی چیز کا سہارا لے جو ایک یا دو بالشت اونچی ہو اور اس پر تکیہ رکھ کر سجدہ کرے تو کیا یہ عمل صحیح ہوگا؟

جواب: اگر اس کا یہ عمل سجدہ کہلائے تو یہ عمل واجب اور صحیح ہے اور اگر یہ عمل سجدہ نہیں کہلاتا تو پھر یہ واجب نہیں بلکہ واجب ہے کہ صرف سر سے اشارہ کرے۔

سوال۴۶: اگر نماز کے دوران سجدہ گاہ کھو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اسی وقت کسی ایسی چیز کا حاصل کرنا ممکن ہو جس پر سجدہ کرنا صحیح ہوتا ہے مثلاً کاغذ تو واجب ہے کہ اسے حاصل کیا جائے چاہے اس کے لئے کچھ دور تک، قبلہ سے توجہ ہٹائے بغیر چلنا ہی کیوں نہ پڑے جب کہ اس کی وجہ سے نماز کے افعال میں زیادہ فاصلہ پیدا نہ ہو رہا ہو اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو جو چیز بھی اس مقام پر موجود ہو اس پر سجدہ کرے چاہے وہ ایسی چیز ہی ہو کیوں نہ ہو جس پر سجدہ کرنا صحیح نہیں۔

سوال۴۷: ایک شخص حالتِ سجدہ میں قرآن سن رہا تھا ایسے میں ایک واجب سجدے والی آیت گزری، تو کیا یہی سجدہ اس کے لئے کافی ہوگا کہ وہ جس میں ہے اس ارادے کے ساتھ کہ اس وقت جو سجدہ وہ ادا کر رہا ہے یہ اسی واجب سجدے کی

ادائیگی ہے یا اس پر واجب ہے کہ پہلے سر کو اٹھائے اور پھر دوبارہ سجدے کو انجام دے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ وہ اپنا سر اٹھائے اور دوبارہ اس واجب سجدے والی آیت کے قصد سے سجدہ انجام دے۔

# قصر نماز

سوال ۴۸: سفر پر جاتے وقت اور سفر سے واپس لوٹتے وقت حد ترخص کی پہچان کے لئے کیا طریقہ ہے؟

جواب: سفر سے واپس لوٹتے وقت حد ترخص کا تصور نہیں جبکہ سفر پر نکلتے وقت حد ترخص کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ انسان ایسے مقام تک پہنچ جائے جہاں سے وہ شہر والوں کو نہ دیکھ سکے حتیٰ انہیں بھی نہ دیکھ سکے جو شہر کی حدود پر موجود ہیں اور اس کی علامت یہ ہے کہ شہر والے بھی اسے نہ دیکھ سکتے ہوں۔

سوال ۴۹: اگر کوئی شخص اپنے شہر سے باہر مسافرت کرتا ہے تو معیار یہ ہے کہ اپنا سفر اس وقت سے حساب کرے جب شہر کے مکانات ختم ہو جائیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ سڑک کے دائیں جانب والے مکانات ختم ہو چکے لیکن بائیں جانب ابھی مکانات موجود ہیں تو اس صورت میں وہ اپنے سفر کا حساب کہاں سے کرے؟

۱۔ صرف دائیں جانب کے مکانات ختم ہونے کے بعد؟

۲۔ یا اس وقت جب بائیں جانب کے مکانات بھی ختم ہو جائیں؟

جواب: جب دونوں طرف کے مکانات ختم ہو جائیں پھر مسافت کا حساب ہوگا۔

سوال۵۰: کیا (دورانِ سفر) راستے میں آنے والے شہروں کے اندر منعقد ہونے والی نمازِ جماعت میں شریک ہونا جائز ہے جب کہ مجھے اس جماعت نماز کے پیش امام کے بارے میں کوئی معلومات نہیں؟ اور کیا ممکن ہے کہ امامِ جماعت کے وضع قطع اور ظاہر کی اچھائی کو دیکھ کر ان کی عدالت ثابت ہو جائے؟

جواب: جب تک امامِ جماعت کی عدالت اور ان کی قرأت کا صحیح ہونا معلوم نہ ہو جائے اس وقت تک ان کی اقتداء کرنا جائز نہیں اور ان کے بظاہر اچھے ہونے سے ان کی وضع قطع یا ان کی گفتگو کا اچھا ہونا مراد نہیں بلکہ ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا مراد ہے تا کہ اس سے جانا جا سکے کہ وہ احکامِ شریعت کا پابند ہے یا نہیں۔

# نماز جمعه

سوال۵۱: کیا نماز جمعہ میں شرکت کرنا واجب ہے؟

جواب: نماز جمعہ میں شرکت کرنا ثواب عظیم کا باعث ہے اور اگر اس میں نماز جمعہ کی ساری شرائط موجود ہوں تو پھر ظہر پڑھنے کی ضرورت بھی نہیں رہتی۔ لیکن بہر حال اس کا وجوب تخییری ہے، تعیینی نہیں۔ (یعنی آپ کو اختیار ہے کہ اس میں شرکت کریں یا ظہر ادا کرلیں)

سوال۵۲: غیبت کے زمانے میں نمازِ جمعہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر شرائط پوری ہوں تو واجبِ تخییری کے طور پر واجب ہے اور اگر کوئی اسے پڑھتا ہے تو پھر اسے ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

سوال ۵۳: جب نماز جمعہ قائم ہو رہی ہو اس وقت خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں۔

# نماز جماعت

سوال ۵۴: ایک ایسے ماموم کے لئے جو جماعت کی پہلی صف میں نہ ہو کب تکبیرۃ الاحرام پڑھنا جائز ہے؟

جواب: امامِ جماعت کی تکبیر کے بعد جب امام کے پیچھے یا اس کے دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوئے افراد تکبیر کہنے کے لئے تیار ہو جائیں تو ان سے پیچھے کھڑے ہوئے افراد کے لئے تکبیر کہنا جائز ہے۔

سوال ۵۵: اگر نماز جماعت میں ایک امام جماعت، ایک نابالغ بچہ اور چند خواتین ہوں تو ان کے کھڑے ہونے کی کیفیت کیا ہوگی؟ اور اگر نابالغ لڑکے ایک سے زیادہ ہوں تو کیا کرنا چاہیے؟

جواب: بچہ چاہے ایک ہوں یا زیادہ، امام جماعت کے ساتھ والی صف میں ہی کھڑے ہوں گے اور خواتین پیچھے کھڑی ہوں گی۔ ہاں، اگر بچے بھلے برے کی تمیز رکھتے ہوں تو پھر امام جماعت کی پچھلی صف میں بھی کھڑے رہ سکتے ہیں اور خواتین ان کی پچھلی صف میں کھڑی ہو جائیں۔

سوال ۵۶: جب امام تیسری رکعت میں ہو اور کوئی جماعت میں شامل ہونا چاہے تو کیا اپنی تکبیر کہنے کے لئے پیش امام کے رکوع میں جانے کا انتظار کرنا پڑے گا یا پیش امام کے رکوع کی تکبیر کے بعد بھی اپنی تکبیر کہی جا سکتی ہے؟

جواب: اگر امام کے رکوع کی حد تک جانے سے پہلے نماز کے لئے تکبیر کہہ دی جائے تو اس صورت میں خود قرأت کرنا بھی واجب ہو جائے گا۔

سوال ۵۷: اگر امامِ جماعت تیسری رکعت میں ہو اور ماموم دوسری میں اور ماموم، امامِ جماعت کے ساتھ قنوت کی ادائیگی کی وجہ سے یا امام کی تیزی کے باعث رکوع میں نہ مل سکے تو کیا اس کی نماز جماعت صحیح رہے گی؟

جواب: قنوت یا سورہ کی ادائیگی کی خاطر امام جماعت سے پیچھے رہ جانا جائز نہیں لہٰذا اگر جماعت کی پیروی نہ کی جائے تو جماعت نماز باطل ہو جائے گی۔ ہاں، اگر وہ شخص نماز کو فرادیٰ شخص کے وظیفے کے مطابق انجام دے تو اس کی نماز صحیح ہو جائے گی بلکہ اگر سورہ حمد بھی مکمل نہ ہو رہا ہو تب بھی احتیاط کی بنا پر جماعت کی پیروی واجب ہے۔

سوال ۵۸: امام جماعت تیسری رکعت میں ہے اور ماموم دوسری رکعت میں، ایسے میں امام رکوع میں چلا جائے اور ماموم کو یہ خوف ہو کہ وہ امام کے ساتھ رکوع میں نہیں پہنچ پائے گا لہٰذا وہ الحمد کے بعد دوسرے سورے کو چھوڑ کر رکوع میں چلا جاتا ہے تو کیا اس کی نماز صحیح ہے؟

جواب: اس کی نماز صحیح ہے۔

سوال ۵۹: اگر کوئی ماموم نماز جماعت میں دو زائد رکوع انجام دے یعنی مجموعی طور پر کل 3 رکوع ہو جائیں اور یہ عمل نماز جماعت کی اتباع کرنے کی وجہ سے ایک ہی رکعت میں ہو تو کیا اس پر کوئی فرق پڑے گا؟

جواب: کوئی ضرر نہیں ہو گا۔

سوال۶۰: نماز جماعت ختم ہو جانے کے بعد نافلہ نماز کو انجام دینا افضل ہے یا جماعت کے ساتھ دُعا میں شریک ہونا؟

جواب: نافلہ نماز انجام دینا افضل ہے۔

سوال۶۱: کیا مسافر کے لئے جمعہ کی نماز کا پیش امام بننا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۶۲: کیا ایسے شخص کے لئے امام جماعت بننا صحیح ہے جس کی اپنی اولاد نیک نہ ہو؟

جواب: اس سے اس شخص کے عادل ہونے پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال۶۳: نماز جماعت میں سمجھدار بچے کی اذان کافی ہے۔

جواب: کافی ہے۔

# متفرقات

سوال۶۴: کیا ظہر وعصر جیسی آہستہ آواز سے پڑھی جانے والی نمازوں میں قرأت کرتے وقت ضروری ہے کہ انسان اپنی آواز خود بھی سنے؟

جواب: اگر انسان بہرے پن کی وجہ سے یا شور وغل کی وجہ سے اپنی آواز نہ سن پارہا ہو تو خود اپنی آواز کا سننا واجب نہیں لیکن اگر اپنی آواز اس لئے نہیں سن پارہا کہ وہ آواز کو منہ سے نہیں نکال رہا، فقط ہونٹ ہلا رہا ہے تو اس صورت میں قرأت صحیح نہیں۔

سوال۶۵: میں جنب تھا لیکن مجھے اس کا علم نہ تھا، لہذا میں نے مسجد میں جا کر نماز پڑھی پھر

کھانا کھایا اور پانی پیا۔ اس صورت میں میرے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: آپ پر صرف اس نماز کی قضا واجب ہے جو آپ نے حالتِ جنابت میں پڑھی تھی۔

سوال ۶۶: ایک شخص جس کی عمر ستر سال ہے اور اب اسے علم ہوا کہ وہ نماز میں سورہ فاتحہ کی قرات میں گزشتہ پچاس سال سے غلطی کر رہا تھا۔ تو کیا اب وہ ان نمازوں کی قضا کرے یا وہ اس کے لئے وصیت کرے یا پھر اس پر کوئی ذمہ داری نہیں؟

جواب: اگر وہ سورہ الحمد کی قرات صحیح سمجھ کر کرتا تھا تو پھر اس پر کوئی قضا نہیں۔

سوال ۶۷: نماز کے دوران قبلے سے جان بوجھ کر منہ موڑنے کے لئے کیا کوئی جائز معین حد ہے، اور اگر ہے تو وہ کتنی ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۶۸: اگر غلطی سے کوئی شخص نماز کے دوران کسی ایسے مقام پر بسم اللہ یا الحمدللہ کہہ دے جہاں یہ ذکر نہیں کہنا چاہئے تو کیا اس سے نماز پر کوئی فرق پڑتا ہے یا نہیں؟

جواب: نماز کے دوران خدا اور رسولؐ کا ذکر کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۶۹: ایک نمازی جو مسئلہ پڑھنے کے باوجود غلطی سے یہ سمجھنے لگا کہ سلام میں فقط "اَلسَّلامُ عَلَیکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہُ" پڑھنا واجب ہے۔ اس اعتبار سے نہ اس سلام سے پہلے "اَلسَّلامُ عَلَینَا......" یا "اَلسَّلامُ عَلَیکُم......" کی عبارت کا ذکر کرتا تھا اور نہ ہی بعد میں۔ البتہ ایسا عام طور پر

وہ اسی وقت کرتا تھا جب جلدی میں ہوتا تھا اور سجدۂ سہو میں تو ہمیشہ اسی قدر پڑھتا تھا۔اس صورت میں اس کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگراس کی لاعلمی عذر کی بنا پرتھی تو اس پر قضا واجب نہیں۔

سوال ۷۰: تیسری رکعت میں ایک شخص تسبیحاتِ اربعہ پڑھ رہا تھا۔اس دوران اسے شک ہوا کہ اس نے پچھلی رکعت میں تشہد پڑھا ہے یا نہیں تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اپنے شک کی پروانہ کرے۔

سوال ۷۱: جب میں نیند سے بیدار ہوا تو نماز ظہر کا وقت ہو چکا تھا، اب میں نمازِ فجر کس وقت انجام دوں؟

جواب: آپ کے لئے جائز ہے کہ پہلے نماز فجر کی قضا انجام دیں اور پھر نماز ظہر ادا کریں اور یہی بہتر ہے۔ یہ بھی جائز ہے کہ نماز فجر کی قضا، بعد میں تاخیر سے انجام دیں۔

سوال ۷۲: سورج کے ڈوب جانے اور مشرق کی جانب سے نکلنے والی سرخی جسے ''حمرۂ مشرقیہ'' کہتے ہیں، کے چلے جانے کے درمیانی وقفہ میں نمازِ ظہرین پڑھے جانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: احتیاطِ واجب یہ ہے کہ اس وقت تک تاخیر نہ کی جائے لیکن اگر اس قدر تاخیر ہو جائے تو نماز ادا اور قضا کی نیت کے بغیر انجام دیں۔

سوال ۷۳: بعض اوقات انسان دورانِ نماز آسمان کی جانب نگاہ کرتا ہے تاکہ نماز میں اپنی

توجہ کو حاصل کر سکے، کیا اس فعل سے نماز میں کوئی فرق پڑتا ہے؟

جواب: کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال۷۴: دورانِ نماز مرد اور عورت کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا واجب ہے؟

جواب: احتیاطِ واجب یہ ہے کہ عورت مرد سے آگے یا اس کے برابر میں نہ کھڑی ہو بلکہ مرد سے کم از کم اتنا پیچھے کھڑی ہو کہ سجدہ کرتے وقت اس کی پیشانی مرد کے گھٹنے کے برابر ہو سوائے اس کے کہ دونوں کے درمیان کوئی پردہ وغیرہ یا دس ہاتھ سے بڑھ کر فاصلہ ہو۔

سوال۷۵: آیت ا.....خوئی قدس سرّہ کے فتویٰ کی بناء پر اس صورت میں نماز باطل ہوتی ہے جب عورت اور مرد کے درمیان ایک بالشت سے کم فاصلہ ہو لیکن مکلّف اس مسئلے سے ناواقف تھا اور اس نے مسجد الحرام میں اس فاصلے سے کم تر فاصلے پر عورت کے قریب کھڑے ہو کر نماز پڑھ لی تو کیا اس کی نماز اور حج میں کوئی اشکال ہوگا؟

جواب: اگر وہ جاہلِ قاصر تھا تو اس کی نماز صحیح ہے ورنہ اگر ممکن ہو کہ وہ مسجد الحرام جا سکے تو مقامِ ابراہیم کے پیچھے اسے دوبارہ نماز پڑھنا ہوگی اور یہ ممکن نہ ہو تو جہاں چاہے نماز پڑھ لے اور اس کا حج صحیح ہوگا۔

سوال۷۶: ایک شخص سے نماز میں بہت غلطیاں سرزد ہوتی ہیں۔ ایسے شخص کو آپ کیا نصیحت کریں گے کہ جس سے وہ اپنی اس مشکل پر جس نے اسے بہت پریشان کر رکھا ہے، قابو پا سکے؟

جواب: ایسے شخص کو یہی کہا جائے گا اور شاید یہ روایت میں بھی آیا ہے کہ وہ پابندی اور

تاکید کے ساتھ حالتِ قیام میں اپنی نظر سجدہ گاہ پر، حالتِ رکوع میں دونوں قدموں کے درمیان اور جب بیٹھا ہوا ہو تو اپنے دامن پر نگاہ رکھے۔ یہ چیز اس کی نماز میں توجہ پیدا کرے گی اور اس شک کی حالت میں کمی کا سبب بنے گی۔

سوال ۷۷: کیا public places مثلاً حکومتی اداروں، مدارس، یونیورسٹی اور پارک وغیرہ میں نماز پڑھنا صحیح ہے یا اس کے لئے حاکم شرع کی اجازت حاصل کرنا ضروری ہے؟

جواب: جائز ہے۔

# روزہ

سوال ۷۸: میں رجب کے مہینے میں مستحب روزے رکھتا ہوں۔ ہم لوگ ہر ہفتے کی صبح مسجد میں نمازِ صبح کے بعد نیاز کا اہتمام کرتے ہیں تا کہ لوگوں میں مسجد میں آنے اور صبح کی نماز میں شرکت کا شوق پیدا ہو۔ تو کیا اس دن میں روزے کی نیت کر سکتا ہوں جب کہ مجھے معلوم ہے کہ مجھے بھی نیاز کے لئے بلایا جائے گا۔ اور کیا یہ ہوسکتا ہے کہ میں نیت کرلوں اور جب وہ لوگ مجھے بھی دعوت دیں تو ان کے ساتھ نیاز چکھ لوں یا یہ کہہ کر معذرت کرلوں کہ میں روزے سے ہوں۔ بات یہ ہے کہ میں رجب کے روزے کا ثواب حاصل کرنا چاہتا ہوں؟

جواب: یہ جائز ہے کہ آپ روزے کی نیت کرلیں اور جب آپ کو دعوت دی جائے تو آپ کھانا بھی کھالیں۔ اس طرح آپ کو دو ثواب مل جائیں گے۔ پہلا روزے کا ثواب اور دوسرا مومن کی دعوت قبول کرنے کا ثواب۔

سوال ۷۹: ایک رات میں اتنی گہری نیند سویا کہ سحری کے وقت میری آنکھ ہی نہ کھل سکی جب کہ میری روزہ رکھنے کی نیت تھی۔ تو اب میری کیا ذمہ داری ہے اور کیا میرا روزہ صحیح ہوگا؟

جواب: جی ہاں، آپ کا روزہ صحیح ہوگا۔

سوال۸۰: ایک شخص رمضان المبارک کی ایک رات میں سو رہا تھا۔اس دوران وہ جاگا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ ابھی رات باقی ہے پانی پی لیا، کچھ دیر بعد جب گھڑی کی جانب متوجہ ہوا تو دیکھا کہ وقت تو فجر سے آگے جاچکا ہے۔ پھر اس نے باقی وقت مبطلاتِ روزہ کو انجام نہ دیا اور روزہ مکمل کیا اور اب وہ سوال کرتا ہے کہ اس کے اس دن کے روزے کے بارے میں کیا حکم ہوگا، کیا اس کی قضا کرنا واجب ہوگا؟

جواب: جی ہاں، اس کی قضا واجب ہوگی۔

سوال۸۱: ماہ رمضان میں اگر دن کے دوران جماع کے علاوہ کسی اور باطل کرنے والی چیز کو ایک سے زائد دفعہ انجام دیا جائے تو کفارہ تکرار ہوگا؟

جواب: جی نہیں، تکرار نہیں ہوگا۔

سوال۸۲: کیا واجب روزوں کی قضا کرتے وقت اسے معین کرنا اور اس کی ترتیب کا خیال رکھنا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے۔

سوال۸۳: ایک حاملہ عورت محسوس کرتی ہے کہ گلے کی سوزش کے باعث وہ عنقریب بیمار پڑ جائے گی اور اسی خوف کے باعث اس نے ماہِ رمضان میں ایک دن روزہ نہیں رکھا۔تو کیا اس پر کفارہ ہوگا یا فقط اس روز کے روزے کی قضا لازم ہوگی؟

جواب: اگر اسے روزہ رکھنے کی صورت میں ضرر کا خوف ہو تو اس پر فقط قضا واجب ہے۔

سوال۸۴: جب بھی فدیہ کا لفظ استعمال ہو تو کیا اس سے مراد ایک مد (تین پاؤ) کھانا ہی ہوتا ہے؟ کیا یہ ضروری ہے کہ اس سے زیادہ فدیہ نہ دیا جائے۔ جیسے اگر مجھ پر دس دن کا فدیہ واجب الادا ہو اور میں بارہ کلو والی تھیلی دے دوں تو کیا صحیح ہوگا؟ کیا یہ جائز ہے کہ فدیہ کسی ایسے شخص کو دے دیا جائے جس کے بارے میں اطمینان یا احتمال ہے کہ وہ شرعی فقیروں کو پہچانتا ہے؟

جواب: زیادہ مقدار دینا جائز ہے بلکہ احتیاطِ مستحب تو یہ ہے کہ فدیہ میں دو مد (ڈیڑھ کلو) کھانا دیا جائے۔ کسی ایسے فرد کو فدیہ دینا بھی جائز ہے جس پر بھروسہ ہو کہ وہ یہ مقدار حقدار تک پہنچا دے گا۔

# فطرہ

سوال۸۵: کیا بغیر کسی وجہ کے کسی شخص کے لئے فطرے کی ادائیگی میں تاخیر کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۸۶: کیا فطرہ غیر شیعہ فقیر کو دینا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۸۷: کیا فطرے کو مسجد کی تعمیر یا خطیب کی اجرت دینے کے لئے استعمال کرنا جائز ہے؟ اور اسی طرح کیا صدقے کو ان چیزوں کے لئے استعمال کرنا جائز ہوگا؟

جواب: فطرہ اور صدقہ صرف فقراء کے لئے ہے۔ اس کے علاوہ کسی اور چیز کے لئے ان کا استعمال جائز نہیں۔

# خمس

سوال ۸۸: عام طور پر باپ اپنے بچوں کے لئے کچھ مال وغیرہ جمع کرتا ہے تا کہ جب بچے بڑے ہو جائیں تو ان کے کام آئے۔ کیا اس مال پر خمس واجب ہے؟

جواب: واجب ہے۔

سوال ۸۹: میرے ذمہ بیوی کا مہر واجب الادا تھا، میں نے زمین خریدی اور مہر کے بدلے اپنی زوجہ کو وہ زمین عطا کر دی اور بقیہ زمین کی مقدار اپنی بیوی ہی کو تحفے میں دے دی تو کیا اس صورت میں مجھ پر خمس واجب ہو گا؟

جواب: جو زمین مہر کے بدلے عطا کی گئی ہے اس پر کوئی خمس نہیں بلکہ اس کے علاوہ پر بھی اس صورت میں خمس نہیں ہو گا کہ جب اس زمین کی زائد مقدار کو تحفہ کے طور پر دینا آپ کی حیثیت اور معاشرتی مقام سے بڑھ کر نہ ہو۔

سوال ۹۰: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تحفہ دے تو کیا اس پر خمس دینا واجب ہے؟

جواب: اگر وہ اسے نہ اپنے سال کے اخراجات میں استعمال کرے اور نہ ہی اس موقع پر استعمال میں لائے جب اس کے استعمال کا موقع تھا تو پھر اس پر خمس نکالنا واجب ہے ورنہ نہیں۔

سوال۹۱: کیا تحفے، جہیز کے سامان اور گھر کے سامان پر خمس واجب ہوتا ہے؟

جواب: تحفے سے اگر دورانِ سال اخراجات میں فائدہ نہ اٹھایا گیا ہو تو اس پر خمس واجب ہے۔ جہیز کا خمس دینا واجب نہیں لیکن جب باپ اسے اپنی بیٹی کو دے اور وہ اسے دورانِ سال استعمال نہ کرے تو بیٹی پر خمس واجب ہے سوائے یہ کہ وہ غیر استعمال شدہ اشیاء ان چیزوں میں سے ہو جن کو آئندہ سالوں کے لئے سنبھال کر رکھنا ان کی حیثیت کے مطابق ہو۔ گھر کے سامان کے سلسلے میں بھی یہی حکم ہے۔

سوال۹۲: کیا کسی شخص کے لئے جائز ہے کہ وہ خمس سے بچنے کے لئے اپنا مال اپنے بیٹے کو بخش دے اور اسی طرح کیا بیٹے کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنے باپ کو وہی مال دوبارہ بخش دے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں اور نہ ہی اس سے خمس ساقط ہوگا۔

سوال۹۳: میرا خمس کی ادائیگی کا وقت ہر سال کی جمادی الثانی کی پہلی تاریخ ہے، ایک سال جمادی الاوّل میں کسی چیز کو ضرورت کے پیشِ نظر خریدا لیکن وہ استعمال میں نہ آئی اور اسی سال ایک مہینے کے بعد خمس کی ادائیگی کا وقت آ گیا تو کیا اس صورت میں اس پر خمس دینا واجب ہوگا یا اس پر ایک سال گزرنے کا انتظار کریں گے؟

جواب: اس پر خمس واجب ہوگا۔

سوال۹۴: اگر اپنے پاس موجود چیز کو ایک عرصے تک استعمال کیا جائے پھر اس کے پرانے یا چھوٹا ہو جانے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہے تو کیا خمس واجب ہوگا؟

جواب: اگر خمس کا سال گزرنے کے بعد اس کی ضرورت ختم ہوئی ہو تو اس پر خمس نہیں۔

سوال ۹۵: ایک شخص نے 500 دینار کی رقم پر خمس دیا، اب وہ 400 دینار رہ گئے۔ دورانِ سال وہ کم ہو کر 200 دینار تک پہنچ گئے اور جب دوبارہ خمس کی ادائیگی کا وقت آیا تو وہ رقم دوبارہ بڑھ کر 400 دینار تک پہنچ گئی، کیا اس صورت میں اس رقم پر اس بار خمس نکالنا لازم ہوگا؟

جواب: اگر سال کے اخراجات کے لئے وہ رقم استعمال کی جائے جس پر خمس نکالا جا چکا ہو تو اس فرض پر اس مال پر خمس نکالنا واجب نہیں ہے۔

سوال ۹۶: ایک شخص اپنے فوت شدہ والد کے مکان میں رہتا ہے۔ اس کے والد کے کچھ اور ورثاء بھی ہیں جو اس کے ساتھ نہیں رہتے۔ یہ شخص باقی تمام ورثاء سے ان کا حصہ خریدنا چاہتا ہے، لیکن اس کی مالی حیثیت ایسی نہیں ہے کہ ایک سال میں مکمل قیمت ادا کر سکے۔ تو کیا اس شخص کے لئے اس مکان کی باقیماندہ قیمت کا خمس نکالنا واجب ہوگا؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہوگا۔

سوال ۹۷: ایک شخص کے پاس 800 دینار ہیں جب کہ وہ شخص کسی دوسرے شخص کا 500 دینار کا مقروض بھی ہے۔ ایسے میں قرض کی ادائیگی سے پہلے ہی خمس کی تاریخ آجاتی ہے تو اس صورت میں اس شخص کو کتنی مقدار پر خمس نکالنا ہوگا؟

جواب: اگر اس کا یہ قرض اسی سال کے اخراجات کے لئے تھا تو پھر جائز ہے کہ اتنی مقدار کو الگ کر لے۔ اس صورت میں صرف بقیہ 300 دینار پر فقط خمس نکالا جائے گا۔

سوال ۹۸: ایک شخص نے تجارت کے سرمائے کے لئے اپنے دوست سے کچھ مقدار بطور قرض لی اور پھر ایک ایسے مال سے قرضہ واپس کر دیا جس کا خمس نکالا جا چکا تھا۔ کیا اس تجارتی سرمائے پر فوراً یا سال گزرنے کے بعد خمس نکالنا ضروری ہوگا؟

جواب: اس پر خمس واجب نہیں۔

سوال ۹۹: بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہر مہینے کی کمائی کے لئے خمس کا علیحدہ سال معین کرنا جائز ہے جیسے رمضان کی کمائی کے لئے ایک سال معین کرنا پھر شوال کے لئے خمس کا الگ سال معین کرنا، اسی طرح ہر ماہ کے لئے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

جواب: خمس کے سال کا مقرر کرنا انسان کے ہاتھ میں نہیں ہے کہ جب چاہے انسان اسے مقرر کر دے۔ اس کی ابتداء تو اس وقت سے ہوتی ہے جب کمانا، تجارت یا کام کاج شروع ہو پس اس صورت میں ہر وہ چیز جو منافع میں سے اگلے سال تک بچ جائے اس پر خمس واجب ہوگا۔ لیکن خمس کا سال تبدیل کرنا ممکن ہے اس طرح کہ وہ حساب کر کے کہ ابھی اس کے پاس کتنا مال پڑا ہے اس کا خمس نکالے اور اب اس کے بعد جب اسے پہلی کمائی حاصل ہوگی وہیں سے سال کی ابتداء شروع ہو جائے گی۔

## خمس کا استعمال

سوال ۱۰۰: میرے مرحوم والد پر ایک لاکھ چالیس ہزار ریال خمس واجب الادا تھا، جس میں سے انہوں نے کچھ بھی ادا نہیں کیا تھا۔ تو کیا ان کی طرف سے مکمل خمس نکالنا پڑے گا یا کوئی اور طریقہ ہوگا؟ مسئلہ یہ ہے کہ میرے کچھ بھائی اپاہج ہیں جو

بولنے کے قابل نہیں اور کچھ نفسیاتی اعتبار سے پاگل پن تک پہنچے ہوئے ہیں۔

جواب: اگر آپ کے والد خمس نکالا کرتے تھے تو آپ پر وراثت کی تقسیم سے پہلے ہی مکمل خمس کی ادائیگی واجب ہے۔ اگر آپ خود فی الحال اس مال کے محتاج ہیں تو آپ آقائے سیستانی مدظلہ کے کسی وکیل سے ملئے، وہ اس کو آپ کے لئے قسطوں میں تبدیل کردیں گے۔ اس طرح آپ اسے بتدریج ادا کرپائیں گے۔

سوال ۱۰۱: ایک ایسا شخص جو کسی پر بھی بھروسہ نہیں کرتا ہے کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ خمس میں خود تصرف کرے خصوصاً سہمِ امام علیہ السلام میں اس لئے کہ اس کا کہنا ہے کہ وہ سوائے امامِ معصومؑ کے کسی پر بھروسہ نہیں کرتا؟

جواب: اس قسم کا تصرف حاکمِ شرع کی اجازت کے بغیر جائز نہیں اور احتیاطِ واجب یہ ہے کہ اس کی اجازت اعلم سے طلب کرے۔

سوال ۱۰۲: ایک سید کسی اور مجتہد کی تقلید کرتا ہے۔ کیا اسے خمس دینا جائز ہے؟

جواب: خمس سے سہمِ سادات کا حصہ فقیر سید کو دیا جائے گا۔ چاہے وہ کسی ایسے مجتہد کی تقلید کرتا ہو جس کی آپ تقلید نہیں کرتے۔

# زکاۃ

سوال۱۰۳: واجب صدقات سے کیا مراد ہے؟

جواب: واجب صدقات سے مراد واجب زکات اور فطرہ ہے۔

سوال۱۰۴: کیا غیر سید کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنا مستحب صدقہ، کفارہ، فدیہ یا ردمظالم کی رقم کسی فقیر سید کو دے۔ یا اس کا حکم فطرے والا حکم ہے اور اس میں قانون کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ ہاں، واجب زکات مثلاً فطرہ دینا جائز نہیں ہے اور احتیاط واجب کی بناء پر یہ بھی جائز نہیں ہے کہ دفع بلاء کے لئے نکالے جانے والا چھوٹی مقدار کا صدقہ بھی کسی سید کو دیا جائے۔

# نکاح

سوال ۱۰۵: کیا ایک سے زائد شادیاں کرنا مستحب ہے اور کیوں؟ اور اس صورت میں کہ جب پہلی بیوی سیدانی یعنی رسولؐ کی اولاد میں سے ہو تو اس پر دوسری بیوی لانا کیا حکم رکھتا ہے؟ کیا یہ مکروہ ہے اور کیوں؟

جواب: ایک سے زائد شادیاں کرنا روایت کی روشنی میں مستحب ہے اور دوسری شادی کرنا مکروہ نہیں ہے اگر چہ پہلی بیوی سیدانی ہی کیوں نہ ہو۔

سوال ۱۰۶: کیا ایسی لڑکی سے شادی کرنا جائز ہے جو حجاب کی پابندی نہ کرتی ہو؟

جواب: جائز ہے اور واجب ہے کہ اسے اس گناہ سے روکا جائے۔

سوال ۱۰۷: کیا وجہ ہے کہ ایک مسلمان عورت کی غیر مسلم سے شادی حرام ہے جب کہ ایک مسلمان کی غیر مسلم عورت سے شادی جائز ہے؟

جواب: شاید اس میں یہ حکمت ہو کہ عام طور پر عورت مرد کے دین سے متاثر ہوتی ہے۔ البتہ حکمِ شریعت کسی بھی حکمت کی بناء پر نہ ثابت ہوتا ہے اور نہ برطرف۔ بہر حال ایک مسلمان مرد کا کسی کتابی کافرہ سے نکاحِ دائمی کا صحیح ہونا محلِ اشکال ہے۔

سوال ۱۰۸: ٹیلیفون یا انٹرنیٹ کے ذریعے نکاح کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: ٹیلیفون کے ذریعے اگر بقیہ تمام شرائط موجود ہوں تو نکاح کرنا صحیح ہے البتہ اگر انٹرنیٹ میں لکھ کر نکاح کیا جائے تو وہ صحیح نہیں ہے۔

سوال۱۰۹: وہ کون سے ایام ہیں کہ جن میں نکاح کرنا مستحب ہے اسی طرح کن ایام میں نکاح کرنا مکروہ ہے؟

جواب: جب چاند برج عقرب یا محاق میں ہو اس وقت نکاح کرنا مکروہ ہے اور علما کا کہنا ہے کہ بدھ کے روز اور ہر مہینے کی 3، 5، 13، 16، 21، 24، 25 کو نکاح کرنا مکروہ ہے جیسے کہ علماء نے یہ بھی کہا ہے کہ رات کو نکاح کرنا مستحب ہے۔

سوال۱۱۰: کیا شادیوں میں "ڈف" (ڈھولکی) بجانا جائز ہے؟

جواب: اگر اس کے بجانے سے ایسی کیفیت نہ پیدا ہو جو لہو و لعب کی محافل سے مناسبت رکھتی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۱۱: ایک شادی میں ڈھولوں کو استعمال کیا جا رہا تھا تو:

۱۔ کیا شادی کی مبارک باد دینے کے لئے شادی کے دوسرے دن میرا جانا جائز ہے یا نہیں؟

۲۔ کیا ان کی خوشی میں شریک ہونے کے لئے شادی میں میرا جانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ۱۔ دوسرے دن شادی کی مبارک باد دینے کی خاطر جانا جائز ہے۔

۲۔ شادی میں شرکت اس وقت جائز ہوگی جب آپ کے جانے سے اس عمل کی تائید نہ ہوتی ہو اور اگر احتمال ہو کہ ان پر اثر ہوگا تو نہی عن المنکر کرنا واجب ہے بلکہ اگر تاثیر کا احتمال نہ بھی ہو تو بھی احتیاط کی بناء پر اس عمل سے نفرت کا اظہار کرنا ضروری ہے۔

# استخارہ

سوال ۱۱۲: استخارہ کب کروایا جاتا ہے؟ کیا شادی کے سلسلے میں جستجو اور باریک بینی کے بعد استخارہ کرنا جائز ہے؟

جواب: استخارہ اس وقت کیا جاتا ہے جب انسان مشورہ کے بعد بھی کوئی فیصلہ نہ کرپائے اور کسی ایسے نتیجے تک نہ پہنچ سکے جو اس کو پریشانی سے نکال دے۔ شادی بھی انہیں مقامات میں سے ایک ہے۔

سوال ۱۱۳: میں نے اپنی بیوی کو پانچ سال پہلے طلاق دے دی تھی۔ اب میں نے ایک اور لڑکی سے شادی کے لئے رشتہ ڈالا۔ لڑکی نے ہر اعتبار سے تحقیق کرنے اور راضی ہوجانے کے بعد استخارہ کروایا۔ دو مرتبہ استخارہ کروانے پر دونوں مرتبہ جن مولوی صاحب سے استخارہ کروایا گیا انہوں نے یہی جواب دیا کہ یہ استخارہ صحیح نہیں آیا ہے اور اس شادی میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ایسے استخارے کے بارے میں کیا حکم ہے اور کیا اس پر عمل ضروری ہے؟

جواب: استخارے کی وجہ سے اس لڑکی پر کوئی چیز واجب نہیں ہوگی لیکن بہرحال استخارے کی مخالفت کرنا مناسب نہیں ہے اس لئے کہ بسا اوقات مخالفت کے بعد انسان کو ندامت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سوال۱۱۴: کسی معین لڑکی سے شادی کرنے سے پہلے استخارہ کرنے کے لئے آقائے سیستانی دام ظلہ کی کیا رائے ہے۔ مراد یہ ہے کہ کیا شادی کے لئے استخارہ کرنے کے لئے کوئی خاص روایت آئی ہے یا نہیں؟ اور کیا کسی مستحب کام کے لئے استخارہ کیا جا سکتا ہے؟

جواب: استخارہ کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن یہ واجب نہیں ہے اور شادی کے لئے استخارہ کرنے کے بارے میں کوئی خاص روایت نہیں آئی ہے۔

# منگنی

سوال ۱۱۵: میں ایک نوجوان لڑکی ہوں۔ میرے رشتے کے لئے ہمارے عزیزوں میں سے ایک لڑکے کا رشتہ آیا اور بات طے ہوگئی۔ اب ہم دونوں کی منگنی ہوچکی ہے۔ ہمارے درمیان اس رشتے کے بعد ٹیلی فون پر بڑی لمبی باتیں ہوتی ہیں، کیوں کہ اس کی مالی حالت اسے اجازت نہیں دیتی کی فی الحال وہ شادی کر سکے۔ تو کیا آپ کی نظر میں ایک لڑکی کا اپنے منگیتر کے ساتھ بات کرنا جائز ہے جب کہ ابھی وہ صرف منگنی کے رشتہ سے منسلک ہو؟

جواب: عام معمول کی بات چیت کرنے میں جس کے اندر کوئی شہوت انگیز گفتگو نہ ہو، کوئی حرج نہیں لیکن اس میں بھی شرط ہے کہ اس سے کوئی جنسی لذت حاصل نہ ہو اور نہ ہی حرام میں پڑنے کا ڈر ہو۔

سوال ۱۱۶: منگیتر کے ساتھ ابھی نکاح نہیں ہوا لیکن اس کا مہر دے دیا گیا ہے۔ کیا لڑکے کے لئے اپنی اس منگیتر کی بے حجاب تصویر دیکھنا جائز ہے، جس میں لڑکی نے مثلاً بال اور گردن وغیرہ کو نہ چھپایا ہو؟

جواب: ایسی تصویر کو لذت کے ساتھ دیکھنا جائز نہیں بلکہ بغیر لذت کے بھی احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے۔

# میاں بیوی کے حقوق

سوال ۱۱۷: کیا شوہر کے لئے زوجہ کے لائے ہوئے جہیز کو استعمال کرنا جائز ہے؟ اور کیا باپ پر واجب ہے کہ وہ اپنی بیٹی کی شادی میں اسے جہیز دے؟

جواب: شوہر اپنی بیوی کی رضامندی سے جہیز کو استعمال کرسکتا ہے اور باپ پر جہیز دینا واجب نہیں۔

سوال ۱۱۸: ایک شوہر کی ولایت اس کی بیوی پر کس قدر ہے یعنی جیسے اگر بیوی کوئی ایسا عمل انجام دے جس سے شریعت منع کرتی ہو تو کیا شوہر پر واجب ہے کہ وہ بیوی کو اس کام سے باز رکھے یا فقط نصیحت کرنا کافی ہوگا؟

جواب: اس قسم کے کاموں میں شوہر کو بیوی پر کوئی ولایت حاصل نہیں بلکہ جس طرح دوسروں کو نہی عن المنکر کرنا لازم ہے اس طرح وہ اپنی بیوی کو اس منکر سے روکے گا۔

سوال ۱۱۹: ایک عورت کو اس کا شوہر مجبور کرتا ہے کہ وہ اس کے سامنے اپنی سہیلیوں کی خصوصیات بیان کرے اور اگر وہ ایسا نہ کرے تو اس کا شوہر اس کے ساتھ برا

سلوک کرتا ہے، مارتا ہے، اخراجات میں کمی کر دیتا ہے، گھر سے نکال دیتا ہے یا اسی قسم کا کوئی اور سلوک کرتا ہے، تو کیا اس صورت میں اس عورت کے لئے اپنے شوہر کی بات ماننا جائز ہے؟

جواب: اس عورت کے لئے اس صورت میں اپنے شوہر سے جھوٹ بولنا جائز ہے۔

# دیت کے احکام

سوال ۱۲۰: کیا تہذیب سکھانے کی خاطر اپنے شاگردوں کو مارنا جائز ہے جب کہ یہ طے ہے کہ ان بچوں کے والدین کی طرف سے اس کی اجازت ہے۔ایسے میں جلد پر کچھ نشانات بھی آجاتے ہیں۔اس صورت میں مجھ پر کیا واجب ہے؟

جواب: اگر تہذیب سکھانے کے لئے کوئی دوسرا طریقہ نہ ہو تو پھر ولی کی اجازت سے مارنا جائز ہے، لیکن احتیاطِ واجب یہ ہے کہ تین سے زیادہ چوٹیں نہ ماری جائیں اور کوئی بھی چوٹ ایسی نہ ہو کہ جلد سرخ یا نیلی ہو جائے اور احتیاط کی بناء پر بالغ کو بالکل نہیں مارا جاسکتا۔

سوال ۱۲۱: کیا میرے لئے پرائمری کلاس کے طالبِ علم کو اس لئے مارنا جائز ہے کہ وہ کلاس میں ہوم ورک نہیں کرتا، کلاس میں ہُلڑ بازی اور جھگڑا کرتا ہے یا پڑھائی میں توجہ نہیں دیتا جب کہ میں ان کا استاد ہوں اور انہیں جنرل سائنس جیسا کوئی مضمون پڑھاتا ہوں اور مارنے کی غرض، ان بچوں کو فائدہ پہنچانا ہے؟

جواب: اگر آپ کے لئے اس کے علاوہ کسی اور طریقے سے اس کی اصلاح کرنا ممکن نہ ہو تو ولی کی اجازت سے جائز ہے اور احتیاطِ واجب یہ ہے کہ اس صورت میں صرف تین ضرب ہی ماری جائے اور مار بھی ایسی ہو جس میں بچے کا بدن سیاہ یا

سرخ نہ پڑ جائے ورنہ آپ پر دیّت لازم ہو جائے گی۔

سوال ۱۲۲: اگر طالب علم کو مارا جائے اور اس کا بدن سرخ یا سیاہ پڑ جائے تو اسے کتنی دیت ادا کرنی ضروری ہوگی؟

جواب: اگر چوٹ چہرے پر لگی ہو اور چہرہ سیاہ ہو جائے تو دیت کی مقدار چھ دینار ہے اور اگر چہرہ سرخ ہوا ہو تو اس کی دیت ڈیڑھ دینار ہے۔ بدن کے باقی حصوں میں دیت کی مقدار بیان کی گئی مقدار کی آدھی مقدار کے برابر ہے۔

سوال ۱۲۳: اگر کسی معلّم نے اپنے شاگردوں کو اس طرح مارا تھا کہ جس سے مار کے نشانات بدن پر باقی رہ گئے تھے۔ اب یا تو وہ ان شاگردوں کو جانتے نہیں یا پھر ان تک رسائی ممکن نہیں تو اس صورت میں اس معلّم کی کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر وہ معلّم ان شاگردوں کو نہیں پہچانتا اور آئندہ بھی ان کو پہچاننے سے مایوس ہو چکا ہے تو پھر وہ ردِّ مظالم دے گا لیکن اگر وہ انہیں پہچانتا ہو لیکن فی الوقت ان تک رسائی ممکن نہیں تو اس وقت تک انتظار کرے کہ جب ان تک رسائی آسان ہو سکے۔

سوال ۱۲۴: اگر مذاق میں ایسی چوٹ لگ جائے جس کے نتیجے میں دیت واجب ہوتی تو کیا اس کی ادائیگی واجب ہوگی؟

جواب: جسے چوٹ لگی ہے اگر وہ اس پر راضی نہیں تھا تو دیّت واجب ہو جائے گی۔

سوال ۱۲۵: اگر کسی انسان کو چہرے پر ایسی چوٹ لگے جس کی وجہ سے اسے لوگوں کا سامنا کرنا دشوار ہو جائے تو زخموں اور ہڈی کی توڑ پھوڑ کی دیت کے علاوہ الگ سے

خوبصورتی متاثر ہونے کی دیت بھی ہوگی؟

جواب: اس وجہ سے کوئی دیت نہیں ہوا کرتی۔

سوال ۱۲۶: میں ایک نفسیاتی ہسپتال میں مریضوں کا علاج کرتا ہوں اور میرا یہ کام اس نوعیت کا ہے کہ جس میں بعض اوقات مجھے کسی مریض کو مارنا یا اس پر تشدد وغیرہ کرنا پڑتا ہے اور یہ اس وقت کرنا پڑتا ہے جب مریض پر دورہ پڑا ہوتا ہے تاکہ اس پر قابو پایا جاسکے اور دوسروں کو نقصان سے بچایا جاسکے۔ تو کیا اس صورت میں مارنے میں کوئی اشکال ہے جب کہ دلیل یہی ہے کہ اس پر قابو پانا ضروری ہے؟

جواب: ضروری ہے کہ ایسے طریقوں کو اپنایا جائے جس سے اس میں بے چینی اور دوسروں کو ضرر پہنچانے کی کیفیت پیدا نہ ہو اور اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ اس میں ہیجان اور دوسروں کو نقصان پہنچانے کی کیفیت پیدا ہو جائے تو پھر اس صورت میں اس کو روکنے کے لئے ایسا طریقہ کار اپنایا جائے جس میں اسے کم ترین اذیت پہنچانی پڑے۔

# خواتین کے احکام

## محرم/ نامحرم

سوال ۱۲۷: Co-Education کے بارے میں اسلام کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس کا نتیجہ اخلاقی فساد کی صورت میں نہیں نکل رہا تو جائز ہے لیکن ہمارے اعتبار سے ظاہر یہی ہے کہ اس سے بچنا عام طور پر ناممکن ہے۔

سوال ۱۲۸: کیا عورت کا مرد کے ساتھ مل کر ایک آواز میں نظم پڑھنا جائز ہے؟

جواب: اگر ایسی آواز نہ ہو جو لہو ولعب کی محفلوں سے مناسبت رکھتی ہو اور نہ ہی شہوت کو ابھارنے والی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۲۹: کیا باپ کی زوجہ (سوتیلی ماں)، لڑکے کے لئے محرم ہے؟

جواب: جی ہاں، محرم ہے۔

سوال ۱۳۰: میری ممانی اور چچی مجھ سے اپنے بالوں کو نہیں چھپاتیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مجھے اپنے بیٹوں کی طرح سمجھتی ہیں۔ تو کیا ان کے لئے اس طرح مجھ سے پردہ نہ کرنا جائز ہے اور کیا میرے لئے ان کی جانب نظر کرنا جائز ہے؟

جواب: نہ ان کے لئے اس طرح کرنا جائز ہے اور نہ ہی آپ کے لئے ان کے بالوں کی جانب نگاہ کرنا جائز ہے۔

سوال ۱۳۱: عورتوں سے ہاتھ ملانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں۔ ہاں، اگر درمیان میں کوئی پردہ مثلاً دستانے وغیرہ ہوں تو کوئی حرج نہیں۔ بغیر پردے کے ہاتھ ملانا اس صورت میں بھی جائز ہوگا جب اس کو ترک کرنا کسی ایسی مشکل میں پڑنے کا سبب بنے جسے عموماً برداشت نہیں کیا جاتا۔

# زینت/ حدودِ پردہ

سوال ۱۳۲: عورت کے لئے گھر سے باہر کس حد تک زینت کرنا جائز ہے؟

جواب: ظاہری زینت کے ساتھ عورت کے لئے گھر سے باہر آنا جائز ہے، جس میں سرمہ، مہندی، انگوٹھی اور کنگن (چوڑیوں) کا پہننا، eye-brows بنوانا اور اس جیسی چیزیں شامل ہیں۔ ہاں، میک اپ کئے ہوئے چہرے کو کھولنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۳۳: نامحرم مردوں کے سامنے عورت کے لئے ہاتھوں کو چھپانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ہتھیلیوں کو کلائیوں تک ڈھانپنا ضروری نہیں۔

سوال ۱۳۴: گھر سے باہر عورت کے لئے سرمہ لگانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۱۳۵: کیا عورتوں کے لئے گھر سے باہر خوشبو کا استعمال جائز ہے؟

جواب: اگر یہ مردوں کو گمراہ کرنے کا سبب بن نہ رہا ہو اور اسے لگانے کا مقصد مردوں کو حرام میں مبتلا کرنا بھی نہ ہو تو جائز ہے۔

سوال ۱۳۶: عورتوں کے لئے انگوٹھی اور زیورات پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: عورت کے لئے ان چیزوں کا پہننا جائز ہے لیکن انگوٹھی اور کنگن (چوڑیوں) کے علاوہ باقی کسی زیور کو نامحرم کے سامنے ظاہر کرنا جائز نہیں۔

# متفرقات

سوال ۱۳۷: اسلامی نقطہ نگاہ سے جنس مخالف سے محبت یعنی لڑکے اور لڑکی کی آپس کی محبت کی کیا حیثیت ہے؟ کیا شریعت میں اس کی اجازت ہے، خصوصاً اس اعتبار سے جب ہمیں معلوم ہے کہ بعض اوقات یہ محبت ایک بالکل غیر اختیاری عمل ہوتا ہے؟

جواب: کسی بھی غیر اختیاری عمل پر شریعت کوئی حکم نہیں لگاتی لیکن یاد رہے، شریعت کسی بھی ایسے ارتباط کی اجازت کبھی نہیں دیتی جو انہیں حرام کی طرف لے جانے والا ہو۔

سوال ۱۳۸: کیا یہ ممکن ہے کہ آپ یہ فرمائیں کہ بے کار اور فضول کی محبت کون سی ہوتی ہے اور پاک وصاف وجدانی محبت کون سی ہوتی ہے؟

جواب: یہ سب باتیں وہم وخیال سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔

سوال۱۳۹: کیا لڑکیوں کا انٹرنیٹ کے پروگرام کے ذریعے رائج طریقے کے مطابق بات چیت اور خط و کتابت کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر اس کی وجہ سے فساد کا خوف ہو تو جائز نہیں چاہے اسی اعتبار سے کہ وہ دھوکہ کھا جائیں گی اور بالآخر حرام میں مبتلا ہو جائیں گی اور موجودہ دور میں یقیناً اکثر ایسا ہی ہو جاتا ہے۔ ہاں، اگر بات چیت ہدایت اور صالح کلام پر مشتمل ہو، جب کہ حرام میں واقع ہونے کا خوف بھی نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۴۰: میں چاہتا ہوں کہ لڑکیوں کو حجاب کرنے کے لئے آمادہ کروں لیکن میں اس کے لئے انہیں کس طرح قائل کرسکتا ہوں؟

جواب: قرآن مجید میں حجاب کا حکم وارد ہوا ہے لہٰذا اگر وہ لڑکیاں مسلمان ہیں اور خدا و روزِ قیامت پر ان کا ایمان ہے تو وہ اس میں کوئی شک نہیں کریں گی ورنہ پہلے تو یہ واجب ہے کہ انہیں ایمان کی جانب لایا جائے۔ اس لئے کہ قرآن تو ان بوڑھی عورتوں کو بھی حجاب کرنے کی وصیت کرتا ہے کہ اب جن کی طرف کسی کو رغبت نہیں جیسے کہ ارشاد خداوندی ہے: ''اور بڑی بوڑھی عورتیں جو (بڑھاپے کی وجہ سے) نکاح کی خواہش نہیں رکھتیں، وہ اگر اپنے کپڑے (دوپٹہ وغیرہ) اتار (کر سر ننگا کر) ڈالیں تو اس میں ان پر کوئی حرج نہیں بشرطیکہ ان کو اپنا بناؤ سنگھار دکھانا منظور نہ ہو اور (اس سے بھی) بچیں تو ان کے لئے اور بہتر ہے......''

(سورۂ نور: ٦٠)

سوال۱۴۱: کیا لڑکیوں کے بالغ ہونے کے سلسلے میں آپ نماز اور روزے جیسی شرعی تکالیف اور معاملات جیسی معاشی سرگرمیاں جیسے خرید و فروخت اور ایسے

دوسرے امور کے انجام دینے کی عمر میں کوئی فرق دیکھتے ہیں؟

جواب: جی اِن دونوں کے درمیان فرق ہے۔ شرعی تکالیف فقط ان کے بالغ ہوجانے پر ہی لڑکیوں پر انجام دینا واجب ہے لیکن وہ اپنے اموال میں تصرف اور اس پر اختیار اس وقت تک نہیں رکھ سکتی کہ جب تک وہ ان امور میں رشید اور سمجھ دار نہ ہوجائے۔ اس امر میں فقط بالغ ہونا کافی نہیں۔

سوال ۱۴۲: بیوٹی پارلر کھولنے کے بارے میں کیا حکم ہے جب کہ میک اپ کے بعد خواتین پارلر سے بے حجاب بھی نکلتی ہیں؟

جواب: جائز ہے اور اس پر لی گئی اجرت بھی حلال ہوگی۔

سوال ۱۴۳: میری بیوی حاملہ ہے اور اس کا پانچواں مہینہ ہے۔ تقریباً ایک مہینہ ہوا کہ ڈاکٹرز یہ کہہ رہے ہیں کہ پیٹ میں موجود بچہ ابنارمل ہے۔ البتہ انہوں نے ہی کہا تھا کہ ایک مہینہ اور انتظار کرلو تاکہ کچھ اور باریکی سے مزید Test کئے جاسکیں۔ بالآخر ڈاکٹروں نے بتایا کہ یہ بچہ بالکل ابنارمل ہے اور اس کا Brain ہی ادھورا ہے۔ اس وقت سے میری بیوی کی طبیعت انتہائی خراب ہے اور آخری چیک اپ کے بعد تو ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ اس کی بہت بری حالت ہے۔ وہ مسلسل روتی رہتی ہے۔ آپ سے صرف اتنی گزارش ہے کہ کیا اس بچے کا ابارشن کروانے کی اجازت مل جائے گی یا یہ جائز نہیں ہوگا؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۴: تین ہفتے کے بچے کے ابارشن کروانے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے، سوائے اس صورت میں کہ اس کا باقی رہنا ماں کی زندگی کے لئے

خطرے کا باعث ہو یا اتنا حرج کا باعث ہو جسے عام طور پر برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ البتہ اس صورت میں ابارشن کرنے والے کے لئے ضروری ہوگا کہ بچے کے ورثہ یعنی ماں باپ کو دیت ادا کرے۔

# متفرق فقہی مسائل

## غیر مرئی علوم، جادو ٹونہ......

سوال۱۴۵: علمِ نجوم، مطالعۂ لوح اور ہاتھ دیکھنے کا کیا حکم ہے۔ جو افراد ایسے کام کرتے ہیں ان کے پاس ان کاموں کے لئے جانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: شریعتِ مقدسہ میں ان کاموں کی کوئی اساس نہیں ہے اور بغیر یقین کے کسی چیز کی خبر دینا بھی حرام ہے۔ ہاں، ایسے افراد کے پاس محض جانے کی حد تک کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۴۶: شعبدہ بازی، روح کو بلوانے اور Hypnotism کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا اسے انسان روزگار کا ذریعہ بنا سکتا ہے؟

جواب: اگر اس سے کسی ایسے کو نقصان پہنچتا ہو جسے نقصان پہنچانا حرام ہو، تو ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۷: کیا روحوں کو حاضر کرنے کے عمل کی کوئی حقیقت ہے؟ اور کیا اس عمل کی مشق (Practice) کرنا جائز ہے؟

جواب: ممکن ہے کہ اس عمل کی کوئی حقیقت ہو۔ اور اگر اس سے کسی ایسے شخص کو نقصان پہنچ رہا ہو جسے نقصان و ضرر پہنچانا جائز نہیں تو پھر اس کی Practice کرنا بھی جائز نہیں۔

سوال ۱۴۸: ہمارے یہاں ایک شخص لوگوں سے شر اور مرض کو دور کرنے کے لئے دعائیں اور تعویذ لکھتا ہے اور بعض اوقات اس کا فائدہ بھی ہوتا ہے تو کیا یہ کام جائز ہے؟

جواب: ممکن ہے کہ ان چیزوں کے لئے ایسے مطلوب اثرات ہوں اور یہ کام اگر دعا کی حد تک ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۴۹: Pamestry سیکھنے، اسے کام میں لانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اس کی شریعت میں کوئی حقیقت نہیں اور جب تک یقین نہ ہو اس کی خبریں دینا بھی جائز نہیں۔

سوال ۱۵۰: کیا یہ جائز ہے کہ ایک مومن دوسرے مومن بھائی پر الزام لگائے کہ اس نے جادو کروایا ہے اور اس بناء پر وہ اپنے بھائی سے قطعِ رحم کرلے، اسے نقصان پہنچائے اور ڈرائے دھمکائے۔ جب کہ وہ یہ تمام کام ایک ایسے شخص کے کہنے پر کر رہا ہے جس کا دعویٰ ہے کہ وہ باطنی امور کو جانتا ہے؟

جواب: اپنے بھائی پر بغیر کسی دلیل کے تہمت لگانا جائز نہیں۔ نہ ہی یہ جائز ہے کہ اس کے ساتھ قطعِ رحمی کی جائے یا اس پر کسی بھی طرح کا ظلم کیا جائے۔

سوال ۱۵۱: اگر روحانی علاج کرنے والا شخص بدن کو مس کرے یا کسی ایسے مقام کو مس کرے جسے مس کرنا حرام ہے یا بدن کے کسی ایسے حصے کو دیکھنے کے لئے کہے جسے دیکھنا حرام ہے جب کہ اس کا کہنا یہ ہو کہ اس کے بغیر علاج ممکن نہیں ہے تو کیا یہ کام علاج کرنے والے یا کروانے والے کے لئے جائز ہوگا؟ اور کیا اس روحانی طبیب کے لئے وہی احکام ہیں جو جسمانی علاج کرنے والے ڈاکٹر کے لئے ہیں؟

جواب: جائز نہیں ہے، اس لئے کہ وہ اپنی بات میں سچا نہیں ہے۔

سوال ۱۵۲: وہ افراد جو ''جن'' کی مدد سے جادوٹونے کا علاج کرتے ہیں، بچھڑے ہوؤں کو ملاتے ہیں اور ملے ہوؤں کے درمیان جدائی ڈلوادیتے ہیں، ایسے افراد کے پاس جانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۵۳: اگر آپ کا جواب یہ ہے کہ جائز نہیں ہے اور کوئی اور بھی ایسا نہیں ہے کہ جو ایسے مسائل کا علاج کرسکے تو کیا کیا جائے؟

جواب: اگر علاج اسی پر موقوف ہو اور کوئی اور راستہ نہ ہو تو جائز ہے۔

# داڑھی

سوال ۱۵۴: کیا داڑھی مونڈنا جائز ہے اور کیا داڑھی کا کچھ حصہ مونڈنا جائز ہے؟

جواب: داڑھی مونڈنا احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے۔ احتیاط کی بنا پر صرف فرنچ کٹ داڑھی بھی کافی نہیں ہے۔ ہاں، رخسار پر اوپر کی جانب سے اور داڑھی کے نیچے

گلے کی طرف سے خط بنانا جائز ہے۔

سوال ۱۵۵: کیا چہرے کے دونوں جانب گالوں پر سے داڑھی کا مونڈنا جائز ہے؟
جواب: احتیاط کی بناء پر جائز نہیں۔

# عیدِ نوروز

سوال ۱۵۶: عید نوروز کے سلسلے میں دین اسلام کی کیا نظر ہے؟
جواب: کوئی ایسی روایت نہیں ہے جو اس کے عید ہونے پر دلالت کرے لیکن روایات میں کچھ ایسی چیزیں آئی ہیں جس سے لگتا ہے کہ یہ دن اہم ہے۔

سوال ۱۵۷: کیا نوروز کو عید کے طور پر منانا دین میں کی گئی بدعت شمار کی جائے گی؟
جواب: اسے بدعت میں نہیں شمار کریں گے۔

# متفرقات

سوال ۱۵۸: قرآنی آیات اور پیغمبر و آئمہ علیہم السلام کے مبارک اسماء کو رسائل اور اخبارات میں لکھنے کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں جب کہ یہ پہلے سے معلوم ہے کہ ان کا استعمال نامناسب طریقوں سے کیا جاتا ہے؟
جواب: اس کے لکھنے میں کوئی حرج نہیں البتہ لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان رسائل وغیرہ کو استعمال کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں۔

سوال ۱۵۹: کیا اللہ کا نام لکھے ہوئے مقدس اوراق کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر اسے اس طرح سے ریزہ ریزہ کردیا جائے کہ پھر یہ گویا مٹی کی طرح ہوجائے تو اس کے بعد اس کو کوڑے دان وغیرہ میں ڈالنا حرام نہیں ہوگا۔

سوال ۱۶۰: کیا جسمانی اعضاء کو Donation کے طور پر دینا جائز ہے؟

جواب: اگر یہ کام کسی بڑے نقصان کا باعث نہ ہو تو جائز ہے مثلاً اگر گردے کے امراض کا Specialist اس بات کی تائید کرے کہ گردہ دینے سے کوئی ضرر نہیں ہے تو گردہ Donate کیا جاسکتا ہے۔

سوال ۱۶۱: کسی ایسے مسلمان مریض کے جسم سے جس کی brain death ہو چکی ہو، اس کے زندہ حصے مثلاً گردے، جگر اور دل کو جدا کرنا اور اسے دوسرے مسلمان مریضوں کے جسموں میں پیوند کاری کر کے لگانے کے بارے میں کیا حکم ہے جب کہ توقع ہے کہ ان کی زندگی اس طرح بچ سکتی ہے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۶۲: کیا حج پر جانے کے لئے قرضہ لینا صحیح ہے۔ اگر آپ کا جواب نہ میں ہے تو کیا اس طرح سے کیا ہوا حج صحیح ہوگا؟ اور اگر قرضہ دینے والا شخص اس مال کو مجھے ہبہ کردے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: قرضہ لینا جائز ہے اور حج بھی صحیح ہوگا لیکن بہر حال اگر آپ مستطیع نہیں ہیں تو یہ وہ والا حج نہیں بنے گا جو زندگی میں ایک بار واجب ہوتا ہے۔ ہاں، اگر اتنی مقدار آپ کو تحفے میں مل جائے جس سے حج واجب ہوجاتا ہو تو پھر یہ حج، واجب والا حج بن جائے گا۔

سوال۱۶۳: کیا گونگے کے لئے جانور کو ذبح کرنا جائز ہے؟ اور وہ تذکیہ کے فعل کو کس طرح انجام دے کیونکہ وہ خدا کے نام کو ادا نہیں کرسکتا؟

جواب: گونگے کے لئے ذبح کرنا جائز ہے اور وہ خدا کے نام کو، زبان اور ہونٹ کو اس طرح ہلا کر ظاہر کرے گا جیسے کوئی خدا کے نام کو پڑھتا ہے اور ساتھ ہی اپنی انگلی سے بھی اس کی طرف اشارہ کرے گا۔ یہ حکم اس کے لئے ہے جو ابتداء ہی سے گونگا بہرا ہو، لیکن وہ شخص جو بعد میں کسی سبب کی بنا پر گونگا ہو گیا ہو اور وہ خدا کے نام سے واقفیت رکھتا ہے تو وہ جس قدر ممکن ہو اس کو ادا کرے گا لیکن اگر وہ ایسا نہ کرسکے اور بالکل عاجز ہو جائے تو دل میں اللہ کا نام لیتے ہوئے زبان اور ہونٹ کو حرکت دے گا اور انگلی سے اس جانب ایسا اشارہ کرے گا جیسے وہ نامِ خدا کو ادا کر رہا ہے۔ یہ اس وقت ہے جب اس کے لئے ایسا کرنا ممکن ہو ورنہ جس طرح ممکن ہو اس طرح ادا کرے۔

سوال۱۶۴: کیا انسان کے لئے اپنی جنس کی تبدیلی جائز ہے اور اس صورت محرمیت کے بارے میں کیا ہوگا؟

جواب: اگر واقعاً ایسا ہونا ممکن ہے تو بذاتِ خود یہ حرام نہیں البتہ دوسری جہات جیسے چھونے اور دیکھنے کے اعتبار سے حرام ہوگا سوائے یہ کہ یہ عمل ضروری ہو جائے اور اس فرض پر کہ جنس تبدیل ہو جائے تو سارے احکام نئی جنس کی بناء پر جاری ہوں گے نہ کہ پرانی جنس کے مطابق لیکن صرف ظاہری طور پر تبدیلی کے آجانے کا مطلب یہ نہیں ہوتا ہے کہ جنس تبدیل ہوگئی ہے۔

سوال۱۶۵: اسلامی ممالک میں رہنے والے افراد بعض اوقات ضرورت محسوس کرتے ہیں

کہ کسی قانون کی مخالفت کرلی جائے، جب کہ اس سے نظام حکومت میں اختلال بھی نہیں ہورہا ہوتا۔ کیا ایسی صورت میں عمومی قانون کی مخالفت جائز ہے؟

جواب: حضرت آیۃ ا...... مدظلہ العالی اسلامی ممالک کے ایسے کسی قانون کی مخالفت کی اجازت نہیں دیتے جسے نظام کی حفاظت کے لئے بنایا گیا ہے۔

سوال ۱۶۶: ایک شخص ہمیں ٹیلیفون پر بہت تنگ کرتا ہے تو کیا میرے لئے اسے ٹیلیفون پر برا بھلا کہنا جائز ہے؟

جواب: کسی بھی ایسے طریقے سے disturbance کو دور کرنا جائز ہے جو حرام نہ ہو مثلاً ماں بہن کی گالی یا تہمت وغیرہ جائز نہیں۔

سوال ۱۶۷: کیا مرد کے لئے زینت کے ارادے کے بغیر سونا پہننا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۶۸: کن لوگوں کے ساتھ دوستی اور الفت کا رشتہ قائم کرنا جائز نہیں؟

جواب: جن کے ساتھ دوستی کرنا آپ کے دین اور ایمان کو نقصان پہنچائے ان کے ساتھ دوستی کرنا جائز نہیں۔

سوال ۱۶۹: کیا کچھ پرندوں کو جمع کر کے زیب و زینت کی غرض سے انہیں پنجرے میں بند کر کے رکھنا جائز ہے جب کہ ان کے کھانے پینے کا بندوبست بھی ہو؟ اسی طرح کیا پالتو کتوں کو رکھنا جائز ہے جنہیں شکار یا حفاظت کی غرض سے نہ رکھا گیا ہو؟

جواب: یہ تمام چیزیں جائز ہیں۔

سوال ۱۷۰: ایک شخص گھر کی چھت پر آنے والے پرندوں کی وجہ سے اس اعتبار سے بہت پریشان ہے کہ وہ آکر 'بیٹ' کرتے ہیں اور گھر گندا ہوتا ہے۔ پڑوسیوں اور محلّہ داروں سے معلوم کرنے پر بھی پتہ نہیں چل سکا کہ ان کا مالک کون ہے۔ کیا ایسے پرندوں کو پکڑنا اور ان کو بیچ دینا یا تحفے میں دے دینا یا ایسا ہی کوئی اور تصرف کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر کسی پرندے کے 'پَر' کٹے ہوئے نہ ہوں اور اس کے کسی مالک کا علم نہ ہو سکے تو ایسے پرندوں کو پکڑ کر اپنی ملکیت بنالینا جائز ہے۔

سوال ۱۷۱: کیا بلی یا کتے جیسے جانوروں کو یا ان کے علاوہ مثلاً چیونٹی کو بغیر کسی وجہ کے ہلاک کرنا یا اذیت پہنچانا جائز ہے جب کہ ان سے کوئی اذیت نہ پہنچ رہی ہو اور کیا جانور کی قسم کے تبدیل ہو جانے سے حکم بھی مختلف ہوگا؟

جواب: انہیں ہلاک کرنا جائز ہے لیکن احتیاطِ اولیٰ یہ ہے کہ انہیں اذیت نہ پہنچائی جائے۔

سوال ۱۷۲: جانور کے نومولود بچے کو کب ذبح کرنا جائز ہوتا ہے، کیا اسے پہلے روز ہی ذبح کیا جاسکتا ہے یا کچھ معین دنوں کے بعد اسے ذبح کرنا جائز ہوگا؟

جواب: اس کے لئے کوئی حد مقرر نہیں۔

سوال ۱۷۳: کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں ترقی کے ساتھ ساتھ ایک مسئلہ یہ ہے کہ بعض افراد کمپیوٹر وائرس کے پروگرام بناتے ہیں جو کبھی انٹرنیٹ کے ذریعے اور کبھی CD وغیرہ

کے ذریعے کمپیوٹر میں آجاتے ہیں جس سے بعض اوقات کمپیوٹر کے سارے پروگرامز اور کبھی کچھ پروگرامز خراب ہوجاتے ہیں اس سے کمپیوٹر کے مالک کو بڑا نقصان پہنچتا ہے۔ ایسا کرنے والے کے لئے شرعی ذمہ داری کیا ہے؟

جواب: یہ کام جائز نہیں ہے اور ایسا کرنے والا نقصان کا بھی ذمہ دار ہے۔

سوال ۱۷۴: میں جنابِ زینبؑ کی زیارت کے لئے گیا۔ کچھ دن وہاں قیام کے بعد جب ہم ''اردن'' کے لئے نکلے تو جناب زینبؑ کے روضے سے ایک سجدہ گاہ غلطی سے میری اہلیہ کے پاس رہ گئی۔ اس سجدہ گاہ پر نماز پڑھنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ جب کہ میں چند نمازیں اس سجدہ گاہ پر پڑھ بھی چکا ہوں؟

جواب: اس سجدہ گاہ پر نماز جائز نہیں ہے اور اسے اس کے اصلی مقام تک لوٹا دینا واجب ہے۔ ہاں، مسئلے سے لاعلمی کی وجہ سے جو نمازیں آپ پڑھ چکے ہیں وہ صحیح مانی جائیں گی۔

سوال ۱۷۵: ایک دین دار طبقہ ایسا بھی ہے جو میت کی رائج رسوم میں زیادہ خرچ کرنے سے بچنا ضروری قرار دیتا ہے اور ان میں جو افراد صاحبِ حیثیت ہیں وہ یہ ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ مال دوسرے نیکی کے امور پر خرچ کیا جائے۔ تو کیا ان پر یہ کام کرنا واجب ہے؟ اور کیا میت کی روح کو اس عمل سے اجر وثواب ملے گا؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہے۔ ہاں، اگر یہ مال اس طرح خرچ کیا جائے کہ جس میں ثواب زیادہ ہو اور پھر اسے میت کو ہدیہ کردیا جائے تو اس کی فضیلت زیادہ ہے۔

سوال ۱۷۶: اکثر اوقات انسان یا حیوان کی شکل کے کھلونے دیکھتے ہیں جن کے ٹکڑے

الگ الگ ہوتے ہیں اور ہم نے کسی سے سنا ہے کہ بالغ افراد کے لئے ایسے کھلونے جمع کرنا جائز نہیں ہے۔ آپ کی اس مسئلے میں کیا رائے ہے؟

جواب: احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۷۷: اگر کوئی شخص مجھ سے کوئی ایسا فقہی مسئلہ پوچھے جس کا مجھے علم ہے، تو کیا میرے لئے اس کا جواب دینا واجب ہے۔ اسی طرح اگر میں کسی کو غلط وضو کرتے ہوئے دیکھوں تو کیا اس کی راہنمائی کرنا واجب ہے؟

جواب: جہاں تک ممکن ہو واجب ہے۔

سوال ۱۷۸: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے کون سا طریقہ صحیح ہے؟

جواب: اس کے لئے کوئی مخصوص طریقہ نہیں۔ مختلف مقامات پر مختلف طریقے اختیار کئے جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ہر مقام پر یہ دیکھا جائے کہ کون سا طریقہ سب سے مناسب اور بہتر ہے۔

سوال ۱۷۹: کیا ایسے بچے کو سلام کا جواب دینا واجب ہے جو مکلّف نہ ہو؟

جواب: اگر ممیّز ہو تو جواب دینا واجب ہے۔

سوال ۱۸۰: یہاں بعض افراد کا کہنا ہے کہ کچھ شرعی احکام مثلاً متعہ کی شادی ہر طرح کے معاشرے میں Applicable نہیں۔ تو کیا ان کی بات قابلِ قبول ہے اور کیا اس بنیاد پر حکمِ شرعی تبدیل ہو جائے گا اور اگر ہاں تو اس تبدیلی کی کیا شرائط ہیں؟

جواب: حکم تبدیل نہیں ہو سکتا بلکہ ضروری ہے کہ عادتیں اور اندھی تقلیدوں کو تبدیل کیا

جائے۔

سوال۱۸۱: اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے کہ جو کچھ پھل باغ سے توڑ کر کھائے اور کچھ پھل توڑ کر اپنے گھر لے جائے؟

جواب: جن پھلوں کو وہ گھر لے گیا ہے اس کا تو ضامن ہے ہی اور جن پھلوں کو اس نے کھایا ہے، اگر باغ کے چاروں طرف دیوار یا کانٹوں کی جھاڑیوں سے باڑھ نہیں بنائی گئی ہے اور اس شخص کو یہ گمان بھی نہ ہو کہ مالک ناراض ہوگا اور مالک قاصر بھی نہ ہو تو وہ شخص ان پھلوں کا ضامن نہیں۔ ورنہ احوط کی بناء پر ضامن ہے۔

سوال۱۸۲: چند مہینوں کے دوران جمع شدہ صدقہ، کیا میں اپنے ایسے رشتہ دار کو دے سکتا ہوں جس کے بارے میں مجھے یقین ہے کہ وہ فقیر ہے؟

جواب: جی ہاں، جائز ہے۔

سوال۱۸۳: مجھے ایک قابلِ اعتماد شخص نے بتایا کہ فلاں شخص کے اموال میں مالِ حرام موجود ہے اور اس مال کو چوری کیا گیا ہے تو کیا میرے لئے اس شخص کے گھر پر کھانا کھانا جائز ہے اور کیا میرے لئے جائز ہے کہ میں دیگر افراد کو اس بات کی اطلاع دوں تا کہ وہ اس شخص کے گھر کھانا نہ کھائیں؟

جواب: آپ کے لئے اس شخص کے گھر کھانا کھانا جائز ہے اور یہ جائز نہیں کہ دیگر لوگوں کو اس بات کی اطلاع دیں۔

سوال۱۸۴: ایک ایسے شخص کے لئے جو ذی القعدہ کے مہینے میں عمرۂ مفردہ ادا کرے، کیسے

ممکن ہے کہ عمرۂ مفردہ میں ''حلق'' کے مستحب کو حج کے بال بڑھانے کے مستحب کے ساتھ جمع کر سکے؟

جواب: ان دونوں مستحب کو جمع کرنا تو ممکن نہیں اور ظاہر یہ ہے کہ بال بڑھانے کا مستحب زیادہ اہم ہے کیوں کی بعض فقہاء اسے واجب قرار دیتے ہیں۔

سوال۱۸۵: کیا ڈاکٹر پر مریض کو یہ بتانا واجب ہے کہ اب اس کا کوئی علاج ممکن نہیں تا کہ وہ وصیت اور اپنی قضا عبادات وغیرہ کے بارے میں بندوبست کر سکے؟

جواب: ڈاکٹر پر یہ واجب نہیں۔

سوال۱۸۶: گھر، دکان یا کسی بھی شاپنگ پلازہ میں کیا بجلی کا غیر قانونی استعمال جائز ہے؟ اور کیا یہ چیز انسان کے وضو غسل یا نماز پر بھی اثر انداز ہوتی ہے؟

جواب: کسی بھی جگہ بجلی کا غیر قانونی استعمال جائز نہیں اور ایسا کام کرنے والا ضامن بھی ہے۔البتہ نمازیں صحیح رہیں گی۔

سوال۱۸۷: آپ کے رسالہ عملیہ (توضیح المسائل) میں جہاں بھی درہم کا ذکر کیا گیا ہے اس کی کیا مقدار ہے؟

جواب: درہم 2.5 (ڈھائی) گرام سکے دار چاندی کے برابر ہوتا ہے اور اس کی قیمت مختلف اوقات اور مختلف مقامات پر مختلف ہوتی ہے۔

سوال۱۸۸: جمعے کے دن کی مناسبت سے جو اعمال ذکر کیے گئے ہیں ان میں نبی اکرمؐ اور ائمہ طاہرینؑ کی زیارت کا بھی ذکر ہے، تو یہ کون سی زیارت ہے؟

جواب: کسی بھی لفظ کے ذریعے سے زیارت کی جا سکتی ہے لیکن زیادہ بہتر یہ ہے کہ

کوئی ماثورہ یعنی معصومین علیہم السلام سے منقول زیارت پڑھی جائے۔

سوال۱۸۹: تُربتِ امامِ حسین علیہ السلام سے کون سی تُربت مراد ہے کہ جس سے شفا ملتی ہے؟

جواب: اس سے مراد قبرِ امام حسین علیہ السلام کی مٹی اور اس کے اطراف میں ہر جانب سے تقریباً ساڑھے گیارہ میٹر کی زمین ہے۔

سوال۱۹۰: عاشور کے دن عزاداروں کو بعدِ مجلس کھانا کھلانے کے لئے رقم خرچ کرنا زیادہ افضل ہے یا امام حسینؑ کی جانب سے صدقہ نکالنا؟

جواب: یہ دونوں ہی فضیلت والے اعمال ہیں۔

سوال۱۹۱: سید الشہداء علیہ السلام کی عزاداری میں سیاہ کپڑے پہننے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: سید الشہداء (کہ جن پر ہماری جان فدا ہو) کی عزاداری منانے میں سیاہ کپڑے کا پہننا پسندیدہ فعل ہے۔

سوال۱۹۲: کیا یہ بات ثابت ہے جو بعض روایات میں وارد ہوئی کہ جناب زہرا سلام اللہ علیہا دن رات گریہ فرماتی تھیں اور اسی طرح امام زین العابدینؑ بھی گریہ کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں، یہ بات ثابت ہے۔

سوال۱۹۳: جیسا کہ بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ رسولِ خداؐ اور جناب فاطمہ زہراؑ، امام حسینؑ کی مجلسِ عزا میں شریک ہوتے ہیں۔ اس بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے اور اگر ایسا ہے تو کیا بقیہ آئمہؑ بھی ان مجالس میں شریک ہوتے ہیں؟

جواب: ان شخصیات کا حاضر ہونا یعنی یہ کہ یہ مجالس ان کی سرپرستی میں ہوتی ہیں اور ان مجالس پر ان ہستیوں کی خاص نظرِ کرم ہوتی ہے۔اس اعتبار سے ائمہ کرام علیہ السلام بھی ان ہستیوں میں شامل ہیں۔

سوال۱۹۴: یہ جو روایت ہے کہ ''من ادعی الرؤیة فکذبوہ ''یعنی جو کوئی مجھے دیکھنے کا دعویٰ کرے اسے جھٹلاؤ۔ اس کی کیا تفسیر ہے اور کیا غیبتِ صغریٰ و کبریٰ کے اعتبار سے اس کی تفسیر مختلف ہے اور کیا اس روایت کو امام زمانہؑ سے منسوب کرنا صحیح ہے؟

جواب: یہ جملہ امام زمانہؑ کی اس آخری توقیع میں وارد ہوا ہے جو امام نے اپنے آخری نائبِ خاص علی بن محمد السمری کو تحریر کی تھی۔علماء نے اس جملے کی وضاحت میں کئی باتیں ارشاد فرمائی ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں۔

۱۔انہیں اس کے بعد کوئی شخص زیارت کے وقت پہچان نہ پائے گا۔ ہاں، امامؑ کے چلے جانے کے بعد اسے معلوم ہوگا۔

۲۔انہیں کوئی نائب کی حیثیت سے نہیں دیکھ سکے گا۔

۳۔انہیں کوئی بار بار نہیں دیکھے گا۔

۴۔اگرچہ انہیں کچھ خاص افراد دیکھ سکیں گے لیکن مناسب نہیں کہ ان کی ملاقات کی تصدیق کی جائے اور ان کے لئے بھی مناسب نہیں کہ وہ اس کا تذکرہ کریں۔

سوال۱۹۵: سگریٹ شروع کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اس کے حرام ہونے پر کوئی دلیل نہیں جب تک یہ یقین نہ ہو جائے کہ اس سے

کوئی بڑا نقصان پہنچے گا۔

سوال۱۹۶: اگر سگریٹ نوش شخص جانتا ہو کہ مستقبل میں سگریٹ نوشی اسے نقصان پہنچائے گی تو اس صورت میں سگریٹ نوشی کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر وہ جانتا ہے کہ اسے اس کی وجہ سے موت یا اس جیسا کوئی شدید نقصان پہنچے گا تو اس پر حرام ہو جائے گی لیکن اس کے علاوہ خود سگریٹ نوشی حرام نہیں اگرچہ مناسب یہ ہے کہ اجتناب کیا جائے۔

سوال۱۹۷: قرآن مجید کی جن آیات کو حفظ کیا جا چکا ہو کیا انہیں جان بوجھ کر یا مجبوری کے عالم میں بھلا دینا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۱۹۸: اگر یہ معلوم ہو کہ ٹیلی ویژن وغیرہ جیسی چیزیں جو حلال اور حرام دونوں طرح سے استعمال ہوتی ہیں۔ انہیں گھر میں حرام طریقے سے بھی استعمال کیا جائے گا تو کیا اسے خریدنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۱۹۹: اگر کسی زیارت میں بطورِ خاص اس کے بعد زیارت کی نماز یعنی دو رکعت انجام دینے کا تذکرہ کیا گیا ہو تو کیا ان دو رکعتوں کو ادا کئے بغیر وہ زیارت، زیارت بن جائے گی یا یہ دو رکعت نماز اس زیارت میں بذاتِ خود ایک علیحدہ مستحب فعل ہے؟

جواب: یہ دو رکعت نماز اس مستحب زیارت میں ایک مزید مستحب عمل ہے۔

سوال۲۰۰: بچوں کی ضروریات کی جو چیزیں ان کے اپنے مال سے یا ان کے والدین کے مال سے خریدی گئی ہوں یا اس بچے کو کہیں سے مثلاً کسی کی جانب سے تحفہ وغیرہ ملا ہوتو کیا والدین کے لئے اس طرح کا تصرف جائز ہے کہ مثلاً دوسرے بچوں کو تحفہ کے طور پر دے دیں اور اگر یہ جائز نہیں ہے لیکن والدین ایسا کر چکے ہوں تو کیا ان پر اسی قیمت کی یا اسی طرح کی چیزیں خریدنا واجب ہے؟

جواب: بچے کی کسی چیز کو تحفے میں دینا جائز نہیں سوائے یہ کہ ان چیزوں کو بچے کے مال کے علاوہ کسی اور مال سے خریدا گیا ہو۔ تحفہ دئے جانے کی صورت میں والدین ضامن ہوں گے کہ بچے کے لئے ویسی ہی چیز کا انتظام کریں۔ ہاں، اگر ویسی چیز ملنا ممکن نہ ہو یا اب ویسی چیز کا خریدا جانا بچے کی مصلحت میں نہ ہو تو پھر والدین قیمت کے ضامن ہوں گے۔

سوال۲۰۱: ہمارے ہاں ایک سیدانی نے اپنے گھر میں امام حضرت عباس علیہ السلام کی ضریح کی شبیہ بنا رکھی ہے۔ وہ لوگوں سے کہتی ہے کہ وہاں آ کر اس ضریح کی زیارت کریں اور وہاں آ کر اپنی حاجت طلب کریں۔ اب جب کہ ہمیں معلوم ہے کہ امام عباس علیہ السلام کی ضریح اقدس تو کربلا میں ہے، تو کیا ہمارے لئے وہاں جانا جائز ہے؟

جواب: سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اپنی تمام تر جلالت اور عظمت کے باوجود حضرت عباس علیہ السلام امام نہیں ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ بارگاہ الٰہی میں معصومین علیہم السلام کے بعد انہیں کا مرتبہ ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ گھر میں روضہ حضرت عباس علیہ السلام کی شبیہ لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہاں، یہ ضروری ہے کہ لوگوں کو اس بارے میں بتا دیا

جائے تاکہ وہ اسے اصلی ضریح نہ سمجھنے لگ جائیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ اس ضریح کے پاس جاکر حضرت عباس علیہ السلام کے وسیلے سے خداوند عالم کی بارگاہ میں اپنی حاجات پیش کرنے میں نہ فقط یہ کہ کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ وہاں بیماروں کو لے آنا اور ان کے لئے دعا کروانا بھی جائز ہے۔اور اس کام کے لئے اجرت کا مطالبہ بھی جائز ہے۔

سوال۲۰۲: عورتوں کے لئے قبرستان جانے کے بارے میں کیا حکم ہے اور کیا قبرستان جانے کے لئے کوئی فضیلت کا وقت بھی ہے؟

جواب: جائز ہے۔ پیر کے دن، جمعرات کے دن خصوصاً شام کے وقت اور ہفتے کو صبح کے وقت قبرستان جانے کی تاکید وارد ہوئی ہے۔

سوال۲۰۳: کیا Cheque کو کم قیمت پر بیچنا جائز ہے؟

جواب: اگر Cheque بیچنے والے پر واقعاً کوئی قرض ہو اور چیک اسی اعتبار سے ہو تو جائز ہے۔

سوال۲۰۴: اگر میں چاہوں کہ ایک Tape-recorder کسی ایسے شخص کو بیچوں کہ جو اسے سوائے گانا بجانے کے کسی اور کام میں استعمال نہیں کرے گا تو کیا اس صورت میں اسے یہ بیچنا جائز ہوگا؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۲۰۵: وہ رقم جو انسان کو راستے سے پڑی ہوئی ملے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا اس شخص پر واجب ہے کہ وہ اس رقم کو مالک کی جانب سے صدقہ کردے؟

جواب: اگراس کے مالک کونہیں جانتے تو اس کواستعمال کرنا جائز نہیں اور اگر وہ ایسی چیز ہو جو ضائع ہو جانے والی ہوتی ہے اور اس پر کوئی ایسی علامت بھی نہ ہو جس سے اس کا مالک اس تک پہنچ سکے تو ایسی صورت میں اسے اپنی ملکیت بنانا جائز ہے۔

سوال ۲۰۶: قرض خواہ اگر مقروض کا قرضہ معاف کردے تو کیا اس صورت میں جائز نہیں کہ وہ اس بری کیے جانے والے قرضے کی طرف دوبارہ رجوع کرے یا اس سے دوبارہ مطالبہ کرے؟ اور کیا یہ صدقے اور ہدیے کی طرح ہوگا یا کسی اور عنوان میں داخل ہوگا؟

جواب: بری کردینے کے بعد دوبارہ رجوع کرنا جائز نہیں۔

سوال ۲۰۷: کیا امتحان میں دھوکہ دینا یعنی نقل کرنا جائز ہے جب کہ ہم جانتے ہیں کہ ممتحن طلباء کے درمیان مساوی سلوک روا نہیں رکھتے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں۔

سوال ۲۰۸: اگر استاد تربیت کی خاطر شاگردوں کی کاپی پھاڑ دے تو کیا وہ اس کا ضامن ہوگا؟

جواب: جی ہاں، وہ اس کا ضامن ہے۔

سوال ۲۰۹: وہ پین یا بال پین جو طالبِ علم اسکول میں چھوڑ جاتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟ اور اگر بچہ اسکول چھوڑ چکا ہو تو اس کا کیا کیا جائے؟

جواب: اگر ان کو استعمال کرنے کے بارے میں ان کی رضا مندی کے بارے میں

اطمینان نہ ہو اور ان چیزوں کو ان طلباء تک پہنچانا بھی ممکن ہو تو پھر ضروری ہے کہ ان تک پہنچایا جائے یا پھر اس کو استعمال کرنے کی اجازت مانگی جائے۔ اس کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے کہ ان طلباء سے پہلے دن ہی اس بات کی اجازت لے لی جائے۔ بہرحال اگر یہ ممکن نہ ہو تو ضروری ہے کہ ان طلباء کی طرف سے اس کو صدقہ کردیا جائے۔

سوال ۲۱۰: مقبوضہ علاقوں میں مسلم نوجوانوں کے خودکش حملوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: اگر اس سے اسلام و مسلمین کی مدد ہوتی ہے اور کفار کی سبکی اور کمزوری کا باعث ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۲۱۱: کیا کسی انسان کے لئے جائز ہے کہ وہ لوگوں کے ایک گروہ کی جان بچانے کے لئے خود کو ہلاکت میں ڈال دے؟

جواب: اگر وہ جانتا ہے کہ اس سے اس کی موت واقع ہو جائے گی تو اس کے لئے ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۱۲: کیا کسی کافر شخص کو ایسی frame اور مصلیٰ بطور تحفہ دینا جائز ہے جس پر قرآنی آیات لکھی ہوں؟

جواب: اگر توہین نہ ہوتی ہو تو جائز ہے۔

سوال ۲۱۳: کیا کسی کافر کو ہدایت اور وعظ سنانے کی غرض سے مسجد میں لے جانا جائز ہے؟

جواب: احتیاط کی بنا پر جائز نہیں۔

سوال ۲۱۴: اگر ایک مسیحی کسی مسلمان کو ایسی شادی میں آنے کی دعوت دے جو چرچ میں منعقد کی گئی ہو تو کیا اس مسیحی کی شادی میں شرکت کے لئے چرچ میں جانا جائز ہوگا؟ اور کیا کسی مسلمان کے لئے جائز ہے کہ وہ کسی مسیحی کے جنازے میں شرکت کرے جو چرچ میں ہو؟ اسی طرح اس شادی یا وفات میں شرکت کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے جو اس کے مکان پر منعقد کیا گیا ہو؟

جواب: ان تمام میں شرکت جائز ہے۔

# اخلاقی مسائل

## حقوقِ مومن

سوال۲۱۵: نیک ارادے کے ساتھ کثرت سے ایسا مذاق کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے جو گھٹیا اور ذاتی نکات پر مشتمل ہو؟

جواب: اگر ایسا مذاق جھوٹ، غیبت، مومن کی بے عزتی اور فحش کلام یعنی ایسی بات جس کو صراحت کے ساتھ ہر ایک کے سامنے ذکر کرنا بُرا سمجھا جاتا ہو یا بیوی کے علاوہ کسی اور کے سامنے جس کا ذکر بُرا سمجھا جاتا ہو یا کسی بھی اور قسم کا مذاق جو حرام پر مشتمل ہو، کرنا جائز نہیں بلکہ بہتر ہے کہ کثرت کے ساتھ کیا جانے والا مذاق مطلقاً ترک کیا جائے۔

سوال۲۱۶: کسی بھی شخص کو ذلیل کرنے کی کوئی ایسی حد بھی ہے جو حرام نہ ہو یا کسی بھی اعتبار سے ذلیل کرنا حرام ہے؟

جواب: ہر وہ چیز جس سے کسی مومن کی تذلیل ہوتی ہو حرام ہے۔

سوال۲۱۷: کسی ایسے مومن کی غیبت کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے جس کا انتقال ہو چکا ہو؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۱۸: ایک شخص اپنی جائے نماز (مصلّی) یا مخصوص سجدہ گاہ پہلی صف میں ہی رکھے رہتا ہے اور اسے کبھی نہیں ہٹاتا تو کیا اس جگہ پر اس کا حق پہلے ہوگا، خواہ نماز جماعت کا وقت ہو یا نماز کا وقت نہ ہو؟ اور کیا ان اوقات میں اس شخص کے مصلّے یا سجدہ گاہ کو ہٹانا جائز ہے جب اس کے نہ آنے کا یقین ہو یا انہیں ہٹانے کے لئے اگر اس کے آنے تک انتظار کرنا ضروری ہے تو کیا صرف اقامت تک انتظار کرنا ہوگا یا امام کی تکبیرۃ الاحرام تک؟

جواب: اگر وہ آنے میں اتنی زیادہ تاخیر کردے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہو کہ وہ جگہ خالی رہ جائے گی یا یہ یقین ہو کہ وہ نہیں آئے گا تو اس شخص کی ان چیزوں کو ہٹا کر اس جگہ بیٹھ جانا جائز ہے لیکن وہ مصلّی یا وہ سجدہ گاہ امانت ہے اور انہیں اس کے مالک تک پہنچانا ضروری ہے۔

سوال ۲۱۹: ان مسلمان بھائیوں کے ساتھ جن کا تعلق دیگر اسلامی مذاہب سے ہے، کس طرح کا معاشرتی طریقہ کار اختیار کرنا چاہئے؟

جواب: ان کے ساتھ معاشرت میں نرمی، اسلامی بھائی چارے اور مسلمانوں کے وسیع تر مفادات کو مدّ نظر رکھا جانا چاہئے۔

# متفرقات

سوال ۲۲۰: ہم کیا کریں کہ جس سے ہم میں علم حاصل کرنے کا شوق پیدا ہو؟

جواب: علم حاصل کرنے اور اپنی معرفت کے معیار کو بلند کرنے کے لئے مسلسل

جدو جہد کرے چاہے اس کے لئے اپنے آپ کو زحمت میں ڈالنا پڑے تاکہ علم کی اہمیت اور اس کے عظیم فائدے کو محسوس کر سکے اور نتیجہ یہ ہو کہ انسان اپنے ارادے اور اپنی چاہت سے مطالعہ کرے۔

سوال ۲۲۱: جن مقامات تک مقدس اردبیلیؒ، شیخِ بہائیؒ، کاشف الغطاءؒ اور ان جیسے دوسرے بزرگان نے رسائی حاصل کی، جو آج بھی دنیائے معرفت کے مضبوط ستونوں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ ان مقامات تک ایک عام انسان کیسے رسائی حاصل کرسکتا ہے؟

جواب: ان بلند مقامات تک علم، زہد، دنیاوی لذات کے استعمال میں اعتدال اور عبادات کا راستہ اختیار کئے بغیر نہیں پہنچا جاسکتا ہے۔

سوال ۲۲۲: جوانی میں انسان یا تو صرف کھیل کود اور غرورِ جوانی میں مبتلا ہوتا ہے یا کبھی کبھار صرف عبادات اور روحانیات میں غرق ہو جاتا ہے۔ ان میں توازن کیسے قائم کیا جاسکتا ہے۔

جواب: شرعی ذمہ داریوں پر عمل انسان کی زندگی میں توازن کا ضامن ہے۔

سوال ۲۲۳: کیا بے نمازی سے میل ملاپ اور معاشرت اختیار کرنا جائز ہے؟ اور کیا اس کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے جب کہ ہمیں نہیں معلوم کہ وہ سرے سے نماز کے واجب ہونے کا انکار کرتا ہے یا صرف اس کی ادائیگی میں سستی برتتا ہے؟

جواب: ایسے فرد کے ساتھ ملنا جلنا حرام نہیں لیکن اگر احتمال ہو کہ آپ کی بات اس پر اثر انداز ہو گی تو آپ پر واجب ہے کہ اسے امر بالمعروف کریں اور اگر اس بات کا احتمال نہ ہو تو بھی احتیاطِ واجب کی بنا پر اس سے بیزاری کا اظہار کیا جائے۔

ہاں، اگر اس سے معاشرت اور میل ملاپ کا چھوڑ دینا اسے توجہ دلانے کے لئے موثر ہو تو پھر یہ بھی واجب ہو جائے گا۔

سوال ۲۲۴: کیا جائز ہے کہ فاسق پر لعنت کی جائے یا اسے برے اور اذیت دینے والے الفاظ سے برا بھلا کہا جائے جب وہ موجود نہ ہو یا اس پر بددعا کی جائے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں سوائے چند مخصوص مورد پر۔

سوال ۲۲۵: کیا بدعت کرنے والے کو لعنت کی جا سکتی ہے یا اس کی غیر موجودگی میں اس کے خلاف ایسی باتیں کی جا سکتیں ہیں جو اس کے لئے اذیت ناک ہوں یا اس کے خلاف بددعا کی جا سکتی ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۲۲۶: اکثر مومنین ملاقات کے وقت التماسِ دعا کہتے ہیں۔ ان کی اس بات کا صحیح جواب کیا ہے اور مجھے کیا کرنا چاہئے؟ کیا دعا کے دوران اتنا کہنا کافی ہے کہ: ''جس نے مجھ سے دعا کی التماس کی ہے تو ان کے اعمال قبول فرما اور ان کی حاجات پوری فرما۔''

جواب: دعا میں اتنا کہنا کافی ہے اور جواب کے طور پر یہ کر سکتے ہیں کہ آپ بھی ان سے التماس دعا کہیں۔ لیکن اہم ترین دعا، مغفرت طلب کرنا ہے۔

سوال ۲۲۷: ہم جب بعض افراد کو دیکھتے ہیں یا ان کے بارے میں سنتے ہیں کہ وہ شریعت کی مخالفت کر رہے ہیں تو ہم پر کیا واجب ہے؟ جب کہ ان کے خلاف اٹھنا حرج کا باعث بنے گا، بلکہ شدید حرج؟

جواب: اگر اثر ہونے کا احتمال ہو اور ضرر نہ ہو رہا ہو تو نہی عن المنکر کرنا واجب ہے ورنہ ضرر سے محفوظ ہونے کی صورت میں احتیاطِ واجب کی بناء پر اپنی ناراضگی اور کراہت کا اظہار کر دینا ضروری ہے۔

سوال ۲۲۸: ہمارے بھائی نے اپنے بھائیوں اور بہنوں کی رضامندی کے بغیر شادی کر لی ہے۔ شادی کے نتیجے میں بھائیوں میں جھگڑے اور دوریاں ہوگئی ہیں۔ بھائیوں نے بھی خاندانی مشکلات سے بچنے کے لئے اپنے بھائی سے، جس کی انہیں ویسے بھی ضرورت نہیں، دوری اختیار کر لی ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود میں کئی مرتبہ اپنے بھائی سے ملا ہوں۔ یہ اور بات ہے کہ ان ملاقاتوں کے نتیجے میں ہمارے درمیان مسائل میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ تو کیا میرے لئے ایسی صورتِ حال میں قطع تعلق کی روش پر باقی رہنا جائز ہے؟

جواب: جہاں تک ممکن ہو اس سے اپنے تعلق کو ترک نہ کریں۔

سوال ۲۲۹: کیا انسان کے لئے جائز ہے کہ وہ حسرت کا اظہار کرتے ہوئے یا توبہ و ندامت کا اظہار کرتے ہوئے، کسی اور کے سامنے اپنے گناہوں کا تذکرہ کرے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۳۰: میں ایک گنہگار شخص ہوں۔ میں نے ایسے حرام کاموں کو انجام دیا ہے جس کی وجہ سے میں کئی اجتماعی اور گھریلو مشکلات میں گرفتار بھی ہوا ہوں۔ میں کئی بار خدا سے توبہ کر چکا ہوں لیکن شیطان نے مجھے پھر میرے اعمال کی طرف لوٹا دیا۔ اب میں کیسے توبہ کروں؟ اور کیا ہر بار اس توبہ پر جس میں، میں خدا کے

ساتھ مخلص نہیں تھا، گنہگار بھی قرار پاؤں گا؟

جواب: توبہ یہ ہے کہ آپ اپنی غلطی پر شرمندگی کا اظہار کریں، خدا سے بخشش و مغفرت طلب کریں اور گناہوں کو چھوڑ دینے کا پختہ ارادہ کرلیں۔ البتہ پچھلی جتنی بار آپ نے توبہ کی ہے اس کا آپ پر کوئی گناہ نہیں۔

# عقائد

سوال۲۳۱: ''رجعت'' سے کیا مراد ہے اور کیا اس پر ایمان رکھنا واجب ہے؟

جواب: روایات میں آیا ہے کہ خدا بعض مرحومین کو اس دنیا میں دوبارہ کسی مقصد کی خاطر زندگی عطا کرے گا اور اس کی قدرت کی عمومیت میں تو کوئی شک نہیں بلکہ قرآن مجید میں بھی صراحت کی گئی ہے کہ اس نے کئی افراد کو دوبارہ زندگی دی ہے۔ بہرحال ہم اجمالی طور پر رجعت کے عقیدے پر ایمان رکھتے ہیں جیسا کہ ائمہ علیہم السلام سے اس بارے میں کثیر روایات وارد ہوئی ہیں۔

# تحریفِ قرآن

سوال۲۳۲: تحریفِ قرآن کے موضوع پر انٹرنیٹ کی سائیٹس میں میں نے بہت کچھ پڑھا ہے۔ وہ لوگ اس کو شیعوں سے منسوب کرتے ہیں اور مذہبِ شیعہ ہی کی دلیلوں سے اس پر استدلال کرتے ہیں، میں نہیں جانتا کہ یہ بات کس حد تک صحیح ہے؟

جواب: یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔ اس کا جواب گزشتہ کئی شیعہ علماء نے دیا ہے۔ وہ اعتراض کرنے والے اپنا جھوٹ دہراتے رہتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ وہ قرآن جو خدا کی جانب سے حضرت محمدؐ پر نازل ہوا تھا وہی قرآن آج بغیر کسی زیادتی اور

کمی کے مسلمانوں کے پاس موجود ہے۔

سوال ۲۳۳: کیا جو قرآن اس زمانے میں مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے وہ بغیر کسی کمی بیشی کے وہی قرآن کریم ہے جو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا تھا؟

جواب: جی ہاں، ایسا ہی ہے۔

پروردگارا!

ہم سب کو مسائل دین سیکھ کر ان پر عمل پیرا ہونے اور اسے

دوسروں تک صحیح طرح پہنچانے کی توفیق عطا فرما۔

آمین

If you want to become a scholar
then join

## QURAN-O-ITRAT ACADEMY

(Boys section)

*You can learn courses of Hawz-e-Ilmiya Najaf and Qum as well as you can continue your College / University education.*

**ELIGIBILITY**

1. *Matriculation.*
2. *Should have noble cause to serve humanity through Islamic Principles.*

---

## ذاکرہ کلاس

دینی جذبے سے سرشار ایسی طالبات
جو ذاکری سیکھنے میں دلچسپی رکھتی ہوں اور میٹرک کا امتحان دے چکی ہوں

**قرآن و عترت اکیڈمی**

کی شعبۂ خواتین کی ذاکرہ کلاس میں داخلہ حاصل کر سکتی ہیں۔

**Phone : 722 6948 & 723 7207**
**Email : info@qoitrat.org**

ہماری آئندہ پیشکش

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ چہارم

عبادات، معاملات، معاشرتی مسائل، اخلاقیات اور عقائد وغیرہ سے متعلق دنیا بھر کے مومنین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات پر مبنی کتابچہ

# ہماری مطبوعات

- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ اوّل)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ دوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ سوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (روزہ)

شعبۂ مطبوعات

**قرآن و عترت اکیڈمی**

کراچی - پاکستان

*E-mail : info@qoitrat.org*

*Website : www.qoitrat.org*